قدیم اردو کی لغت

ڈاکٹر جمیل جالبی

مرکزی اُردو بورڈ

تحفہ از
جناب علامہ مضطر عباسی

قدیم اردو کی لغت

ڈاکٹر جمیل جالبی

مرکزی اردو بورڈ
گلبرگ - لاہور

سلسلۂ مطبوعات نمبر ۱۱۹

بار اول : دسمبر ۱۹۷۳ء

قیمت : دس روپے

ناشر

اشفاق احمد

ڈائرکٹر مرکزی اردو بورڈ

۱۔ اے ، گلبرگ ، لاہور

ذوالفقار اینڈ کو نے مرکزی اردو بورڈ کے لیے
مسعود پرنٹرز میکلوڈ روڈ لاہور سے چھپوایا۔

آستاذِ محترم

پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفٰے خان صاحب کے نام

دل میں سودے تھے بہت پر حضورِ یار
نکلا نہ ایک حرف بھی میری زباں سے

(میرؔ)

تعارف

مرکزی اردو بورڈ لاہور کے ''سلسلۂ اولیات'' کی ایک اور کتاب پیش خدمت ہے۔ یہ کتاب جو قدیم اردو کے تقریباً گیارہ ہزار الفاظ اور ان کے معنی پر مشتمل ہے، اردو کے نامور ادیب ڈاکٹر جمیل جالبی کے کئی سال کی محنت شاقہ کا نتیجہ ہے۔

"قدیم اُردو کی لغت" ولی گجراتی اور اس سے قبل کی تصانیف نظم و نثر کے ذخیرۂ الفاظ کا احاطہ کرتی ہے۔ مؤلف نے دسویں، گیارھویں اور بارھویں صدی ہجری کے وسط تک کے قلمی اور مطبوعہ نسخوں کو جانچ کر ان میں سے ان الفاظ اور تراکیب کو بطور خاص اس لغت میں شامل کیا ہے، جن کے مطالب اور معنی قدیم اردو ادب کے استادوں اور طالب علموں پر آسانی سے کھلتے نہ تھے۔

اس لغت کے مطالعے سے یہ بات بھی قاری کے سامنے آئے گی کہ ہمارے اسلاف لفظوں کو کس تلفظ سے ادا کرتے تھے۔ ان کی املا کیا تھی؟ ان کے اصول و قواعد کیا تھے؟ اور پاکستان کی علاقائی زبانوں نے اردو زبان کی ابتدائی تشکیل میں کیا کردار ادا کیا تھا؟ آپ کو اس لغت میں قدیم اردو کے ہزاروں ایسے الفاظ ملیں گے جو آج بھی پاکستان کی علاقائی زبانوں میں زندہ و مستعمل ہیں اور ہمیں دعوت فکر دیتے ہیں کہ ان بھولے بسرے یا 'خوابیدہ الفاظ' کو دوبارہ تحریر و تقریر میں استعمال کر کے اردو کو علاقائی زبانوں کے اور علاقائی زبانوں کو اردو کے قریب تر لایا جا سکتا ہے۔

قدیم اُردو کی یہ لغت ادیبوں، شاعروں، صحافیوں اور مقرروں کے علاوہ زبان کے ماہروں، لسانیات کے استادوں، قواعد دانوں اور علم الانسان کے عالموں کے سامنے فکری، تہذیبی اور لسانی سطح پر بہت سے نئے راستے کھولے گی اور پاکستان کے حوالے سے ایک مثبت رخ متعین کرنے میں مدد دے گی۔

آخر میں ماخذ کی تفصیلی فہرست بھی دے دی گئی ہے، جس سے اس کتاب کی افادیت میں دہرا اضافہ ہو گیا ہے۔ یہاں ہم اس امر کی وضاحت کر دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ لغت کی ترتیب و تدوین کے سلسلے میں یہ ساری کتابیں مرتب کے زیر مطالعہ رہی ہیں اور الفاظ کے مطالب اور معنی متعین کرنے میں ان کے متنوں سے استفادہ کیا گیا ہے۔

ہمارے ''سلسلۂ اولیات'' کا بنیادی فلسفہ یہ ہے کہ اُردو میں ایسے مواد کو جلد از جلد کتابی صورت میں شائع کیا جائے جو اس سے پہلے مبسوط صورت میں کہیں دستیاب نہ ہو۔ اس تیز رفتار زمانے میں ایسے مواد کو دستاویزی صورت میں محفوظ کرنا اور بھی لازم ہو گیا ہے تاکہ آنے والی نسلیں ایسے بنیادی کاموں پر اضافے کر کے انھیں صحیح اور آخری صورت عطا کر سکیں۔

اشفاق احمد

پیش لفظ

"قدیم اردو کی لغت" اردو زبان میں اپنی نوعیت کی پہلی لغت ہے ، جس میں صرف وہ الفاظ شامل کیے گئے ہیں جو اردو کے قدیم ادب میں استعمال ہوئے ہیں اور جو عام طور پر لغات میں نظر نہیں آتے ۔ قدیم ادب کی غیر معولی اہمیت گزشتہ پچاس سال میں زیادہ اُجاگر ہوئی ہے ۔ اس عرصے میں متعدد مخطوطات مرتب و شائع ہو چکے ہیں اور اُن کے پڑھنے والوں کی تعداد میں بھی روز بروز اضافہ ہو رہا ہے ۔ قدیم ادب کسی بھی زبان و ادب کی تاریخ کا اتنا ہی ناگزیر حصہ ہے جتنا خود جدید ادب ۔ قدیم اپنے زمانے میں جدید تھا اور آج کا جدید آئندہ زمانے میں قدیم ہو جائے گا ۔ زمانے کی یہی ریت ہے ۔ یونہی ہوتا آیا ہے اور یونہی ہوتا رہے گا ۔

اردو زبان اور اس کا ادب روایت و اثرات کے لحاظ سے تین بڑے ادوار سے گزرے ہیں۔ پہلے دور میں زبان و ادب ہندوی زبانوں کے الفاظ ، تلمیحات ، اساطیر ، علامات ، تشبیہات اور اصناف و اوزان سے استفادہ کرتے رہے ۔ یہ عمل مسعود سعد سلمان (م ۵۱۵ھ / ۱۱۲۱ء) سے لے کر امیر خسرو (م ۷۲۵ھ / ۱۳۲۵ء) سے ہوتا گجرات اور دکن میں دسویں صدی ہجری تک جاری رہتا ہے ۔ لیکن جب ہندوی روایت جدید ذہنوں کی تخلیقی پیاس بجھانے سے قاصر ہو جاتی ہے تو اردو زبان اور اس کا ادب فارسی روایت و اثرات کی طرف رجوع ہونے لگتے ہیں ۔ گیارھویں صدی ہجری کے اردو ادب میں ہندوی اور فارسی روایت کے درمیان کشمکش کا شدید احساس ہوتا ہے اور اسی صدی کے آخری زمانے میں "فارسی روایت"، سیاسی ، معاشرتی و معاشی حالات کے سہارے ، ہندوی روایت پر غالب آ جاتی ہے اور "ریختہ" کی شکل اختیار کر کے ولی دکنی کے ہاں اَمر ہو جاتی ہے اور اسی کے ساتھ اردو ادب جدید دور میں داخل ہو جاتا ہے ۔ گیارھویں صدی ہجری کے اواخر سے لے کر مرزا اسد اللہ خاں غالب کی وفات تک فارسی روایت سیڑھیاں چڑھتی ، ترقی کرتی ، آگے بڑھتی اور پھیلتی رہتی ہے لیکن جب مغربی اقوام میں سے انگریز اس برِصغیر پر غالب آ جاتے ہیں تو بدلے ہوئے حالات میں فارسی روایت بھی نئے تخلیقی ذہنوں کی پیاس بُجھانے سے قاصر ہو جاتی ہے اور نئے ذہنوں کو نئے اُفق اور نئے آسمانوں کی تلاش شروع ہو جاتی ہے ۔ اسی کے ساتھ فارسی روایت کا طِلسم ٹوٹنے لگتا ہے اور انگریزی زبان کے توسط سے مغربی روایت و افکار اور اس کے تہذیبی سانچے مقبول ہونے لگے ہیں ۔

جس طرح پہلے دور میں اردو ادب ہندوی روایت کا اور دوسرے دور میں فارسی روایت کا خوشہ چین تھا ، اسی طرح تیسرے دور میں مغربی روایت کا والہ و شیدا ہوگیا — قدیم اردو کی یہ لغت پہلے دور کے ادب کا احاطہ کرتی ہے جو نویں صدی ہجری میں تحریری شکل میں نظر آتا ہے

اور تقریباً گیارھویں صدی بلکہ بارھویں صدی ہجری کے اوائل تک سارے برصغیر میں جاری و ساری رہتا ہے ۔ اس لغت میں وہ الفاظ بھی شامل ہیں جو اردو زبان کی پہلی باقاعدہ تصنیف ''مثنوی کدم راؤ پدم راؤ'' میں استعمال ہوئے ہیں اور وہ الفاظ بھی جو گجری اردو میں شیخ باجن ، شاہ علی جیو گام دھنی ، قاضی محمود دریائی اور خوب محمد چشتی کی تصانیف میں ملتے ہیں ۔ وہ الفاظ بھی جو عادل شاہی اور قطب شاہی دور کی تصانیفِ نظم و نثر میں نظر آتے ہیں اور وہ بھی جو پاکستان اور شمالی ہند میں لکھی جانے والی تصانیف میں ملتے ہیں ۔ اس لغت کی تیاری میں جہاں کم و بیش قدیم ادب کی ساری مطبوعہ کتب سے استفادہ کیا گیا ہے، وہاں سینکڑوں قلمی بیاضوں اور مخطوطات سے بھی استفادہ کیا گیا ہے ۔

اس لغت کی داستان یہ ہے کہ ''تاریخِ ادب اردو'' پر کام کرتے ہوئے مجھے سینکڑوں مخطوطات اور بیاضوں کے صحراؤں سے گزرنا پڑا ۔ دورانِ مطالعہ اکثر ایسے لفظوں سے واسطہ پڑا جو میرے لیے اجنبی تھے ۔ میں ان لفظوں کو ایک کاپی میں لکھ لیتا اور پھر سیاق و سباق کے حوالے ، مختلف لغات کی مدد اور اہلِ علم سے گفتگو کرنے کے بعد جب ان لفظوں کے معنی متعین ہو جاتے تو ان کے سامنے لکھ دیتا ۔ کچھ عرصے بعد میں نے یہ کیا کہ ہر وہ لفظ جو قدیم ادب میں استعمال ہوا ، اسے معنی اور حوالے کے ساتھ ایک کارڈ پر لکھ کر رکھ لیتا ۔ یہ کام ۱۹۶۱ء میں شروع ہوا تھا اور ۱۹۷۱ء میں ختم ہوا ۔ جب کام ختم ہوا تو تقریباً اٹھارہ ہزار الفاظ کا ذخیرہ میرے پاس تھا ۔ اس ذخیرے کو دیکھ کر میرے ذہن میں یہ خیال پیدا ہوا کہ اگر ان الفاظ کو مرتب کر دیا جائے تو یہ لغت ان لوگوں کے لیے یقیناً مفید ثابت ہوگی جو قدیم اردو کی مطبوعہ کتب ، مخطوطات اور قلمی بیاضوں کا مطالعہ کرنا چاہتے ہیں ۔ اسی خیال کے پیش نظر میں نے قدیم اردو کی یہ لغت مرتب کی ہے جس میں تقریباً گیارہ ہزار الفاظ شامل ہیں ۔ اس لغت سے نہ صرف اہل علم و ادب ، محققین ، اساتذہ ، طلبہ اور قدیم ادب سے دلچسپی رکھنے والے عام قاری کو سہولت ہوگی بلکہ ماہر لسانیات اور مؤرخین زبان کو بھی یہ معلوم کرنے میں آسانی ہوگی کہ ہمارے اسلاف لفظوں کو کس تلفظ اور لہجے کے ساتھ استعمال کرتے تھے ۔ اس زمانے میں لفظوں کے کیا معنی تھے اور جدید دور تک پہنچتے پہنچتے اردو زبان کن کن مراحل سے گزری ہے ۔ یہ الفاظ برصغیر کی کن کن زبانوں اور بولیوں سے آئے ہیں ۔ پاکستان کی علاقائی زبانوں نے اردو زبان کی تشکیل کے ابتدائی دور میں کیا کردار ادا کیا ہے ۔ آپ کو اس لغت میں ہزاروں الفاظ ایسے ملیں گے جو پاکستان کی علاقائی زبانوں میں آج بھی زندہ و مستعمل ہیں اور یقیناً ہمیں دعوتِ فکر دیتے ہیں کہ ان الفاظ کو دوبارہ اپنی تحریروں میں استعمال کر کے اردو کو علاقائی زبانوں سے اور علاقائی زبانوں کو اردو سے قریب تر لایا جائے ۔ اس لغت پر ایک نظر ڈال کر ہی یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اردو نے برصغیر کی کم و بیش ساری زبانوں سے دل کھول کر فیض اٹھایا ہے اور مزاج و صلاحیت کے اعتبار سے یہ ویسی ہی زبان ہے جیسی انگریزی زبان ۔

اس لغت کو مرتب کرتے وقت میں نے حسبِ ضرورت مصدر ، حاصل مصدر ، امر ، ماضی مطلق ، مرکبات و مشتقات کی بیشتر شکلیں شامل کر دی ہیں تاکہ قدیم ادب کا مطالعہ کرنے والے کو مصدر کی بدلی ہوئی شکل پہچاننے میں دقت نہ ہو ۔ ساتھ ساتھ اگر ایک ہی لفظ مختلف املائی شکلوں میں ملا تو اس کی یہ شکلیں بھی شامل کردی ہیں تاکہ پڑھنے والے کو کسی غلط فہمی یا الجھن کا شکار نہ ہونا پڑے ۔ اس کے علاوہ اگر مختلف مآخذ سے ایک ہی لفظ کے مختلف معانی سامنے آئے ہیں تو ان سب معانی کو اسی لفظ کے تحت یکجا کر دیا ہے ۔ یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس لغت میں الفاظ کے وہی معنی دیے گئے ہیں جو قدیم دور میں رائج تھے ۔ بہت سے الفاظ کے معنی ایسے ہوں گے جو آج کے معنی سے مختلف ہیں مثلاً بانگ کے معنی اذان ، جنگی کے معنی سپاہی ، ہوادار کے معنی عاشق و دوست ، البتہ کے معنی یقیناً ، ضرور و بے شک ، چال کے معنی گھر ، پاک کرنی کے معنی جھاڑو ، آڑانی کے معنی پنکھا ، آپرنی کے معنی اوڑھنی ، ڈوپٹہ وغیرہ ۔

دنیا میں کسی کام کو بھی حرفِ آخر نہیں کہا جا سکتا ۔ یہ لغت بھی ایک ایسے کم مایہ انسان کی پُرخلوص کوشش کا نتیجہ ہے ، جسے اپنی کم علمی کا پورا پورا اعتراف ہے اور جو ، ستائش کی تمنا اور صلہ کی پروا سے بے نیاز ، اس بات سے یقیناً باخبر ہے کہ انسان علم کے ذریعہ زندگی بھر اپنی جہالت کا اندازہ کرتا اور اندھیروں سے پناہ مانگتا رہتا ہے ۔

میں مطلوب علی انصاری ، محمد شاہد انصاری ، محمد رؤف انصاری اور خاور جمیل کا شکر گزار ہوں ، جنھوں نے لغت کے کارڈوں کو چھانٹنے اور ترتیب دینے میں خوش دلی کے ساتھ میرا ہاتھ بٹایا برادر مکرم سراج احمد صاحب کا بھی شکرگزار ہوں ، جنھوں نے کارڈوں کی ترتیب کو فنی اعتبار سے مزید درست کیا اور پھر رجسٹر پر نقل کرکے مسودہ کی شکل دے دی ، جس سے پریس والوں کے لیے آسانی ہوگئی ۔ میں اپنے محترم بزرگ جناب افسر صدیقی امروہوی کا تہہ دل سے شکرگزار ہوں ، جنھوں نے ساری لغت کو پوری توجہ کے ساتھ پڑھا اور مجھے اپنے گراں بہا مشوروں سے نوازا ۔ جناب اشفاق احمد ، ڈائریکٹر ، مرکزی اردو بورڈ لاہور میرے انتہائی شکریے کے مستحق ہیں جو 'لغت' کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور جن کی جوہر شناس نظر نے اس کی فوری اشاعت کا انتظام کیا ۔ مرکزی اردو بورڈ کے رکن جناب فضل قادر فضلی کا بھی شکرگزار ہوں ، جنھوں نے دن رات لگ کر طباعت کے کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا ۔ خدا ان سب کو جزائے خیر دے ۔

کراچی

۱۷ - اکتوبر ۱۹۷۳ء

جمیل جالبی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

الف ممدودہ

آبدی : ابد تک ، تا ابد

آباوچ : مصری ، نبات

آبولے : چُپ ، خاموش

آبھار : احسان ، ذمہ داری

آبھاس : سایہ ، روشن ہونا ، سہا جانا ، تمہید ، خلاصہ ، جھلک

آبھاش : گفتگو ، دیباچہ ، بات چیت

آبھال : بادل

آبھیر : گوالا ، اہیر

آپ : خویش ، بگانہ ، اپنا ، اپنے آپ

آپار : } بے شمار ، بے حساب ، بے حد ، بہت
آپارا : } بلند ، اوپر

آپ بل : اپنی قوت سے ، اپنی قوت

آپ بھاوتی : خود پسند

آپت : آفت

آپرانا : اوپر آنا ، نکل آنا

آپروپ : نایاب ، نادر ، بد شکل ، بے ڈول

آپ روپ : اپنی شکل ، اپنا ظہور ، نورِ الٰہی

آپس میں : اپنے آپ

آپسیں : آپ کو

آپن : آپنا

آپنا : }
آپنے : } اپنا ، اپنے

آپنیں : اپنے

آپی : خود ، آپ ہی

آپے : آپ

آپیچ : آپ ہی

آپیں : آپ ہی آپ

آت : بہت

آتش ڈوبنا : آگ بُجھنا

آتم : } روح ، نفسِ ناطقہ ، قالب ، ذات
آتما : } وہ ذاتِ نوری جو کُل میں محیط ہو ،
آتمہ : } خدا

آتن : }
آتین : } تخلیق ، پیدائش ، خلقت

آتھنہ : بے وجہ

آتی کال : آنے والا کل ۔ زمانۂ مستقبل

آٹ : آٹھ ، مشکل

آٹا اٹ :
آٹاوٹ : } دشواری ، مشکل ، مصیبت
آٹا اٹ :

آٹُپ : } ڈھنگ ، ڈھب ، تیور ، انداز
آٹوپ : سلیقہ

آٹا ماٹی ہونا : روندا جانا ، پسپا ہونا

آٹو : آٹھوں

آٹویں : آٹھویں

آٹ ہونا : بند ہو جانا ، آٹ جانا

آٹی : بے جان اور پست ہونا

آجھنا : چھڑکنا

آچار : چال چلن ، اطوار ، مذہبی تقریب میں کان میں منتر پھوکنے والا گُرو

آچارَج^ : مُرشد ، راہنما ، اُستاد

آچائے : اُٹھائے (اُچانا = اٹھانا)

آچت : (آجت) آفتاب ، سورج

آچکل : ناز ، عشوہ ، شوخی

آچھے : رہے

آچھی : (آکشی) ۔ آنکھ کی پتلی ، آنکھ

آخوند : خاوند ، اُستاد

آد : آغاز ، قدیم ، جاوداں ، آفرینش ، اوّل ،

آدار : } سہارا ، ذریعہ ، وسیلہ ، آسرا ، مدد
آدھار : مربّی ، بادبان ، خوراک

آدر : عزت ، احترام ، قدر و منزلت ، تعظیم ، اچّھا

آدرش : نمونہ ، مثال

آدرشن : آئینہ ، شرح

آدرنا : عزت دینا ، تعظیم کرنا

آدمُورت : قدیم صورت ، اولین شکل ، بُوڑھا

آدمیں : آدمی

آدمینچہ : [آدمیں+چہ] آدمی ہی

آدھ : فکر ، سوچ بچار

آدھار پکڑنا : سہارا لینا ، مدد لینا

آڈمبر : } ظاہری ٹھاٹ باٹ ، غُرور ۔ تکبّر
آڈنبر : شور شرابا

آر : کانٹا ، آنکس ، طریقہ ، دل ، لا

آرات : نزدیک ، دُور ، دشمن

آراستی : درستی

آرایش : آرائش

آرت : ارتھ ، زمین ، معنی ، مطلب ، مقصد ، منشاء ، مال ، دولت

آرت : دُکھ درد ، آرزو

آرتا :
آرتی : } نظرِ بد دُور کرنے کا عمل ، بلا دُور، دیوتاؤں کی مُورتی کے چاروں طرف چراغ پھرانے کی رسم ، نثار ، وہ بھجن جو آرتی کے وقت گایا جاتا ہے ، حمد

آرت کرنا : آرتی اُتارنا ، ہندووں کی ایک مذہبی رسم

آردر : گیلا ، تر ، بھیگا

آرزو ماد : آرزو مند

آرس : سستی ، کاہلی ، کمزوری ، سکون ، آرسی ، آئینہ

آرسا : } آئینہ، ایک زیور ، سورج کے لیے بھی
آرسی : } آتا ہے - (آرسیاں جمع)

آرکا بھارکا : اِدھر کا ، اُدھر کا

آرنب : (آرمبھ) آغاز ، ابتدا

آروس : عروس

آروسانی : عروسی

آرھیاں : آرھیا ، آرھیں

آری : موسیقی میں ایک لَے اور تال کا نام

آریہ : بڑا ، معزز ، قابلِ عزت ، آریہ قوم

آڑ : ساتھی ، یار ، مددگار ، حمایتی ، پناہ ، اوٹ

آڑا ہونا : دل برداشتہ ہونا ، برگشتہ ہونا

آڑی : ساتھی

آڑے : ناراض

آڑیاں : ساتھی

آڑی نظر : ٹیڑھی نظر

آس : شوربا

آسا (آشا) : آس ، اُمید

آسار : اسوار ، سوار

آساں : آس کی جمع

آساساں بھرنا : آہیں بھرنا

آساورَی : سُسرال

آس پُرانا : آس پوری کرنا

آس پھوڑنا : نا اُمید ہو جانا

آستھان : آستان ، مقام ، آڑ ، روک ، کوشش ، فکر

آسَرن : درماندہ ، بے چارہ

آسرواد : دعا

آس کائی : بد بخت ، نامراد ، بد نصیب

آسادھ : بیماری ، روگ

آسانی : بلند

آسن : نشست ، طریقہٴ مباشرت ، جوگیوں کے بیٹھنے کا طریقہ

آس مند : اُمید وار

آسو : سرکہ

آسودکر : اطمینان سے

آسی : اُمید وار ، آنے کا

آسے : آ سکے

آسیا : چکی ، استعارۃً آسمان

آسیاسن : سنگھاسن ، تخت

آسین : آئیں

آسیہ : مُنھ ، چہرہ

آش : آس ، اُمید ، سہارا

آشتی : سہولت

آفت لاؤ : آفت لانے والا ، آفت ڈھانے والا

آکار : سینسار ، مقید ، تعلق ، نظر ، صورت ، روپ ، ہئیت ، ظہور ، خوش ترتیبی ، خوش شکل

آکاس : } آسماں ، خلا ، ہندو فلسفہ کی رو سے
آکاش : } پانچواں عنصر

آکاش وانی : غیبی آواز

آکن : گھاس پھوس

آکل : حیران ، پریشان ، بے چین ، مضطرب

آکو : آ کے ، آ کر

آکھ : چوہا ، چور

آکھر : گپھا ، وہ جگہ جہاں جنگلی جانور رہتے ہیں ، حرف

آکھنا : کہنا

آکھو : چوہا

آکھوں : کہوں

آکھے : (آکھنا ۔ کہنا) کہا (جمع ماضی مطلق)

آکھیوں : آنکھوں

آگ : آکھ ، مدار

آگا : آئے گا

آگاہ پنا : واقفیت ، معرفت

آگ جیباں مارنا : آگ کے شعلے بھڑکنا

آگل : ظرف ، آگے ، آ گئے ، بڑھ کر ، زیادہ اور زیادہ ، بیلنی دروازے کی ، کنڈی ، زنجیر

آگلا : اعلیٰ ، زیادہ ، بہتر ، اگلا ، آگے

آگلا ہونا : پہل کرنا

آگلی : زیادہ

آگلے : اگلے ، سامنے

آگن : آگ

آگو : آگے

آگوں :
آگھوں : آگے ، سامنے
آگیں :

آگھار : نیت ، حرص

آگھار بھرنا : نیت بھرنا ، سیر ہو جانا

آگیا : اجازت ، رخصت ، ہدایت

آل : تری ، نمی

آلا : اعلیٰ ، برتر و خوشتر ۔ گھونسلا

آلے : آلا کی جمع

آلا : طاق ، محراب ، ہرا ، کچّا

آلا پالا : گھاس پھوس، درختوں اور پودوں کے پتے وغیرہ

آلاپنا : سر ملانا ، گانا

آلالان : جوش ، ولولے ، [آلا لے (جمع)]

آلان : وہ کھونٹا یا رسّا جس سے ہاتھی کو باندھتے ہیں ۔ بیڑی ، زنجیر ، ہاتھی کی پیٹھ کا گدّا

آل بیل : آل اولاد ، نسل ، سلسلۂ نسب

آلس : سستی ، دیری ، غنودگی

آلسی : کاہلی ، خواب آلود

آلکس : سست ، کاہل ، سستی ، کاہلی

آلکسیا : سست ، کاہل

آلنگ :
آلنگ : آلنگن ، بغل گیر ہونا ، ہم آغوش ہونا ، مستی ، ہم بستری ، ہم آغوشی ، بغل گیری

آلہ : تھانولا (پیڑ کا)

آلہا : } طاقچہ
آلھا :

آلی : جانب ، طرف ، سہیلی ، سکھی ، محبوب ، چنچل ، اعلیٰ ، عالی ، رنگین مزاج

آلے : تھالے

آمنا : امان ، منت ، احسان

آمنا دھرنا : آمنا سامنا کرنا ، مقابلہ کرنا

آن (مصدر آننا بمعنی لانا) : لا، لائے ، لانے والا

آن آن : لا لا کر

آنب : } آم
آنب :

آنٹ : آنٹی ، گرہ ، گانٹھ ، پھندا ، پیچ

آنٹی : گرہ ، پھندا ، پیچ

آنجن : کاجل ، سرمہ

آنجو ، آنجو : } آنسو
انجھو :

آنچ : آگ ، آنچ

آنچر : آنچل

آندوں : سمجھوں ، لاؤں

آنک : آنکھ

آنکس : وہ نوکیلا آلہ جو ہاتھی کو قابو میں رکھنے کے لیے فیل بان استعمال کرتا ہے

آنکل : گہرا

آنکو : آن کر

آنکھیاں کے مسافر : دیکھنے والے مسافر

آنگ : جسم

آنگن : } انگنائی ، صحن
آنگن :

آنگے : آگے

آن لگنا : وقت آ جانا

آننا : لانا

آنند : خوشی ، ذوق ، عیش ، مسرت ، امن ، چین

آنند دار : عیش کا دروازہ

آنہار : } آنے والا
آنہارا :

آنے : لائے

آنیا (آننا=لانا) : لایا

آنیں : لائیں

آنو : لاؤ ، ان

آوا : بھٹی ، مٹی کے برتن پکانے کی جگہ

آوارہ : سرگرداں ، پریشان

آوت : آتا ہے

آوتارو : وارد ، آنے والا

آوسی : آتا ہے ، آوے گا

آون : آنا

آوند : برتن

آونے : آنے

آویزی : قریبی ، وابستہ

آہار : خوراک ، کھانا، مسطر پر پھیری جانے والی لیئی

آہر جاہر : آنا جانا ، آمد و رفت

آہ و ویلانی : آہ و واویلا

آئیا : آیا

آئیاں : آئی ہیں

الف مقصورہ

آ : سنسکرت حروف تہجی کا پہلا حرف جو اسما کے پہلے آکر نفی کے معنی دیتا ہے ۔ مثلاً مول سے امول ۔ کال سے اکال ، کھنڈ سے اکھنڈ ، نہ ، نہیں

اُبالاں : جوش

آبتئن : / ابتین : اب تک ، اس وقت تک

ابچھر : / ابچھرا : اندر کے اکھاڑے کی پریاں

اُبدھ : بیوقوف ، بیوقوفی

آبرا : اُوپر کا کپڑا (جیسے لحاف کا آبرا)

ابراوت : فیلِ سفید ، اِندر

ابرش : سرخ و سفید رنگ کا گھوڑا

ابرن : لباس

اُبرنا : اُبھرنا ، باقی رہنا

ابرو : (ابر) بادل

ابرہن : لباس ، پیراہن ، کپڑے

ابس : توقف

اَبکم : گونگا

آبلا : عورت ، کمزور

ابلابلی : طاقت ور ، ضعیفوں کا حامی ، نہایت قوی

آبلق : چتکبرا گھوڑا

ابلگ : اب تک

ابلوج : / ابلوچ : مصری ، نبات

ابوج : / ابوجھ : نادان ، کند ذہن ، احمق ، ناسمجھ

ابودھ : بیوقوف ، بے عقل

ابول : ناقابلِ فہم

ابولا : چپ ، خاموش

ابولے : نہ بولنے والے

ابھاگ : بد قسمتی

آبھال : / آبھال : بادل ، ابر ، بارش (ابھالاں ، جمع)

اُبھال : جوش ، اُبال

آبھالیں : / ابھالے : چھلانگیں ، جست

اُبھانا : ڈرانا ، پریشان کرنا

ابھیہ : ملال ، رنج

آبھر : بادل ، گرد و غبار ، خاک دھول ، ابر

ابھرک : ابرق

آبھرم : آسمان

آبھرن (ابرن) : زیور ، آرائش ، لباس

آبھیمان : / ابھی مان : غرور ، گھمنڈ ، شیخی ، بزرگی

ابھوشن : زیور ، گہنا ، آرائشی پوشاک

ابھوکن : زیور ، ہیرے جواہرات

ابھوگ : مفلس ، مفلسی ، بے عیش ، وہ جو استعمال یا کھانے کے لائق نہ ہو

ابھنگ : غیر فانی ، ہوشیار

آپ : آپ ، اپنا ، اپنے ، اپنی

آپ : پانی ، بد ، الگ

اُپ : نزدیک ، ہمراہ ، کم

اَپار : بہت ، بے حد ، بلند ، لا محدود ، بے حساب ، بے نہایت ، بے انتہا ، اَن گنت ، ناقابل عبور ، بے شمار

اُپار : (اُپاڑنا - اکھیڑنا) اکھیڑ

اُپاڑنا : اکھاڑنا ، نکالنا

اُپاس : فاقہ ، روزہ

اُپاسنا : پوجنا

اُپاسی : بھوکا ، روزہ دار

آپاک : ناپاک

اُپال : جڑ سے اکھاڑ دینا ، بیخ کنی کرنا

اُپانا : تدبیر کرنا ، سوچنا ، پیدا کرنا

اپاؤ : } حکمت ، علاج ، تدبیر ، آفرینش
اپائے :

اُپایا : نکالا ، پیدا کیا

اُپٹ : دور ، الگ ، علیٰحدہ

اپٹنا : بگڑنا ، غضب ناک ہونا ، بلند ہونا

اُپج : پیدائش

اپچار : بیان ، پیدائش ، تدبیر ، خدمت گزاری ، حکمت ، نصیحت ، سربراہی ، بدلہ ، چارہ ، طبابت ، رشوت

اُپجانیا : پیدا کیا

اپجتا : نکلتا

اُپچکرآیا : ظاہر ہوا

اُپجنا : پھوٹنا ، اُگنا ، پیدا ہونا ، ظاہر ہونا ، نکلنا

اُپجا نہارا : پیدا کرنے والا

اپچھر : } اندر دیوتا کے اکھاڑے کی پری ، حور
اپچھرا : } اپسرا

اُپجے : نکلے

اُپدھان : تکیہ ، سرہانہ

اپ دیس : وطن ، اپنا ملک

اُپدیش : تعلیم ، ہدایت ، نصیحت ، صلاح ، تلقین ، منتر سکھانا

اُپر : اوپر ، پر

اُپرانا : آپے سے باہر ہونا

اپراد (اپرادھ) : قصور ، گناہ ، غلطی ، جُرم

اُپرار : اُوپر

اُپرال : اوپر کی طرف ، اوپر

اُپران : اوپر

اُپرنا : ڈوپٹہ

آپرمپار : لا محدود ، بے کنار

اُپرواڑی : عالم بالا

اپروپ : بے مثل ، نایاب ، نادر ، انوکھا ، کمیاب ، عجیب ، بے نظیر ، بے ڈول ، بد شکل ، اعلیٰ درجہ کا ، شاذ ، لاثانی

اپڑنا : گرفت میں آنا ، ملنا ، پانا ، پہنچنا

اپڑیا : پہنچا

اُپس : بدبو ، بوسیدگی

آپَس : اپنا ، اپنی ، اپنے ، خود ، آپ ، حکم ، اپنے پاس سے

آپستا : خود سر ، خود دار

اپس تے آپی : آپ سے آپ ، از خود

اپس تیں : خود کو

آپس جائی : اپنی بیٹی

اپسری : حور ، پری ، رقاصہ

آپس سٹ دینا : خود کو گم کر دینا ، حواس کھو بیٹھنا

اپس سوں اپیچ : آپ ہی آپ

اپس کا : اپنا ، خود کا ، خویش

اپسے : خود بخود ، از خود ، اپنے، اپنے آپ کو

اپسیں واروں : اپنے آپ کو فدا کروں

اپ کاج مہا کاج : اپنا کام بڑا کام

اُپکار : احسان ، مہربانی

اُپکار کرنا : بخشش کرنے والا

اُپما : / اُپمان : تشبیہہ ، تمثیل ، استعارہ ، مشابہت

آپمان : بے عزتی ، بے اعتباری

آپن : اپنے ، آپ ، خود ، اپنا پن ، ہم ، اپنا ، خود ہی

اپناچ : اپنا ہی

اپناں : اپنا

آپَنڈت : جاہل

آپن سر : اپنے سر

آپنک : خود ، آپ

اپنکی : یگانگت

اپنگ : لنگڑا ، معذور

آپنگ : نادر، اچھوتا ، نرالا ، یکتا ، بے مثل ، تنہا

اُپنگ : ساز کی ایک قسم جو بین کی طرح منہ سے بجایا جاتا ہے ، پونگی

اپنیاں : اپنے اور اپن کی جمع

اُپواس : فاقہ

اپے : آپ ہی ، خود ، خود ہی ، آپ

اپی وادی پر آنا : اپنی بات پر اڑنا

اُپھالی کرنا : اکھاڑنا ، بیخ کنی کرنا ، جڑ کھودنا

اپی (آپ ہی) : خود ہی ۔ خود

اپیسے : خود ، آپ

اپیں : آپ ، خود ہی ، بذات خود ، آپ خود ، آپ ہی ، آپ کو

اپیں پنا : خودی ، آنا

ات : / اتی : بہت ، نہایت ، زیادہ ، عمدہ ، بڑھیا ، یہ

اِت : } اتنے ، اتنی ، اس قدر ، اس ، یہ
اِتی :

اُت : اوپر ، اُدھر ، اُس طرف ، سر ، اُس

اِتا : اب ، اتنا ، اِس قدر ، زرا ، فی الوقت

اتا : باپ

اتار : بے عزت

اتارو : اُتارنے یا پار لگانے والا ، مددگار

اتاریا : اُتاریا

اتاریا گیا : مارا گیا

اِتال : ظرف ، اب ، اس وقت ، اسی وقت

اُتال : بدلنے والا ، متلوّن ، بے چین ، بے قرار فوراً ، ترت پھرت

آتال : ساعت ، پل ، گھڑی ، زمین کے سات طبقوں میں سے ایک طبقہ کا نام

آتالی : مضطربانہ ، بے قرار

اُتالا : جلد باز

اُتاول : جلدی ، جلد باز ، جلد ، بے قرار

اُتاولا : جلد باز

اتائی : گویّا

اتبٹ : غلط

ات بل : بہت طاقت والا ، نہایت قوی

اُتپت : آفرینش ، ابتدا ، آغاز ، پیدائش ، پیدا کرنا

اُتپن ہونا : پیدا ہونا ، نمودار ہونا ، ظاہر ہونا

ات چپل : نہایت تیز

اُتّر : جواب ، شمال

اُترائی : احسان کا بدلہ

اترتچھ : اُترتے ہی

ات سُندر : بہت خوبصورت ، بہت قبول صورت

اتیک : اتنا ، اس قدر

ات گت : بہت بڑا ، بے شمار ، بہت زیادہ

ات گن : ان گنت ، بہت زیادہ

اتّل : جس کا پیندا نہ ہو ، گول

اتُل : بے نظیر ، بے مثال ، لاثانی

اتلیک : بہت ، بے حد

اُتم : اعلیٰ ، بڑھ کر ، خوبی ، اول ، عمدہ ترین ، بڑھیا ، برتر

اتناج : اتنا ہی

اُتنگ : لمبی ، اونچی

اتنیاں : اتنی یا اتنے کی جمع

اتھا : تھا

اتھار : } بے حد وسیع ، بڑھ کر
اتھارا :

اِتہاس : کہانی ، تاریخ

اتھاہ : جس کی تھاہ نہ ہو ، بہت گہرا ، بے پایاں

اُتھل : وہ جس میں کم گہرائی ہو ، تھیتھلا

اُتھلا : کم گہرا

اُتھل جانا : ظاہر ہو جانا

اتھی : تھی

اتھے : تھے

اتھیاں : اتھی کی جمع بمعنی تھیں

اتھیں : تھیں

اِتی : اتنی

اِتے : اتنے

اتیت : سادھو ، مسافر ، سیاح ، زائر ، تپسّی ، گزشتہ ، گزرا ہوا ، بیراگی ، اوجھل ہونا ، غائب ہونا ، (اتیتاں ، جمع)

اتیت انگھاتا : قاعدہ ، اصول (موسیقی)

اتیتھی (آتی تھی) : مہمان ، سادھو ، یوگی ، سنیاسی ، سیاح ، مسافر

ایتن (اتن) : تخلیق ، خلقت

اٹ : آٹھ

اُٹ : اُٹھ

اٹا اٹ : سخت مشکل ، آفت ، دشواری

اٹاوٹ : سخت مشکل ، دشواری

اٹک : جگھ ، مقام

اٹکیو : (اٹکنا) اٹکے

اٹگٹ :
اٹگھٹ : } بے انتہا ، بے حد ، بے حساب

اٹل : قائم

اٹمبر : بھیڑ ، مجمع
اٹبر : } سامان

اُٹنا : اُٹھنا

اٹنبر : بھیڑ ، مجمع ، سامان

اٹوپ : ڈھب

اٹھ : آٹھ

اٹھارنہ (اٹھاراں) : اٹھارہ (۱۸)

اُٹھیا : (اٹھنا) اُٹھا

اٹی : سوت کی آنٹی

اٹیرن : چرخی ، لکڑی کا وہ آلہ جس پر سوت لپیٹا جاتا ہے

اثبات : اقرار کرنا ، ثبت کرنا ، ثبوت دینا

اثر : نشان ، کھوج

اجات : ذات سے خارج

اُجارا : اُجالا

اِجارت : اِجارہ

اُجاگر : روشن

اُجال : روشن ، چمک دار ، نمایاں ، اُجالا ، روشنی ، اُجلا

اجان : انجان

اجانا : انجان

اجیت : جو جیتا نہ جا سکے ، فاتح ، بھگوان ، سورج ، نہ جیتا ہوا ، ناقابلِ تسخیر

اجسّت : جسم

اجدھام : اژدہام ، بھیڑ

اُجڑیا : اجڑا ، خانماں برباد

اجگر : اژدھا ، کاہل

اُجگر : اجاگر

اُجَّل : سفید ، روشن ، خالص

اُجلا : سفید ، صاف

اجمود : ایک دوا کا نام

اجنو : } ابھی تک ، ابھی

اجنوں : } اب ، اب تک ، ابھی تک

اجو : } ہنوز ، اب تک ، اب بھی
اجوں :

اجوں : } آج ہی ، اب بھی
اجہوں :

اجوں کو لگ : ہنوز ، اب تک

اجھنوں : آج تک

اجھو : } اب ، ابھی ، اب تک
اجھوں :

اجھوں لگ : اب تک ، ابھی تک

اجھمکن : روشنی

اجیرن : ہضم نہ ہونا ، بارِ خاطر ، مصیبت

اُچ : ہو (اچنا ، ہونا)

اُچا : اٹھا

اچاٹ : بیزاری ، بے دلی ، اکتاہٹ ، اداسی ، پریشانی

اُچّار : تلفظ ، لہجہ ، تعریف ، راز

اُچانا : اٹھانا ، اونچا کرنا ، بلند کرنا

اَچانک : یک بارگی ، ایک دم سے ، عجیب

اُچانے : اٹھانے

اُچاون : اٹھانا ، بلند کرنا ، اُچانا

اچاؤں : اٹھاؤں

اُچاوے : } اٹھاوے ، اٹھائے
اچائے :

اچایا : (اُچانا ، اوچانا=اونچا کرنا) اونچا کیا ، بلند کیا

اچپل : چنچل ، شوخ ، بے قرار ، چلبلی ، چاق و چوبند ، شگفتہ ، نہ ٹلنے والی ، شریر ، نخرے کرنے والا ، گھوڑے کے معنی میں بھی آتا ہے

اچت : مطمئن

اچتانا : پچھتانا ، افسوس کرنا

اَچر : اٹل ، جو چل نہ سکے ، زبانِ سنسکرت کو بھی کہتے ہیں ، بے جان ، پہاڑ

اُچّر : پڑھنا

اچرج : حیرت ، تعجب

اچرچ : (اچرج ، آشجرج) ، انوکھا ، عجیب ، تعجب ، عجیب ، اچنبھا ، حیرت

اچسی : ہوگا

اچُک : بے خطا ، نہ چوکنے والا

اُچک : چھین کر لے جانے والا ، شوخ ، تیز و طرار ، دلربا ، ہوش ربا

اُچکّا : چھین کر لے جانے والا

اچکر : رہتے ہوئے

اُچکَل : شوخ

اچکلا : صاف ، شفاف

اچل : جو چل نہ سکے ، اٹل ، ساکن ، پہاڑ ، زبانِ سنسکرت کو بھی کہتے ہیں

اُچل : چھل

اچلا : غیر متحرک ، مجازاً ، زمین

اچمبک : عجیب ، ُطرفہ

اچنا (اچھنا) : ہونا ، ساتھ رہنا

اچنبا : اچنبھا

اچنبک : عجب ، ُطرفہ

اچوک : بے شبہ ، یقینی ، صحیح

اچہ : ہو

اُچہ : اونچا ، لمبا

اچہ (اچھ) : ساتھ رہ ، ہو ، وہ ، ہوگا ، رہ

اچھا : سفید

اِچھّا : مرضی

اُچھالیاں : چوکڑیاں ، چھلانگ ، کلیل

اچھتا : (اچھنا مصدر) ، ہوتا

اچھر : حروف تہجی کا کوئی ایک حرف ، آخر، لافانی ، اپسرا ، ُحور ، جادو

اچھّردو اچھر : لفظ دو لفظ

اچھرساں : پریاں ، اُپسرائیں

اچھروٹی : ستار پر بجائے جانے والا راگ ، ستار کی قسم کا ایک باجا

اچھریان : پریاں ، اپسرائیں ، حوریں

اچھڑی : لڑکی

اچھنا : ہونا ، رہنا ، زندہ ہونا ، ٹھہرنا

اچھنہار : رہنے والا

اچھنے : رہنے

اچھو : ہو ، ہوں ، رہو

اچھوجم : رہے ہمیشہ ، سدا رہے

اچھونا : اچھنا کی دوسری صورت ، ہونا ، رہنا

اچھے : ہے ، رہے ، ظاہر ، ہو ، ہوئے

اچھے سار : ٹھیک ٹھیک ، نفس الامر

اچھیگا : } ہوگا
اچھینگا : }

اچھنیگے : رہیں گے

اچیت : آفتاب

اخل : عقل

اُد : پانی

ادا ، } آدھا ، آدھے
ادے : }

ادآد : آغاز ، آفرینشِ عالم

ادار : (آدھار) ، سہارا

اداس : آزاد

ادِت : ُسورج

ادر : پتھر ، چٹان ، پہاڑی

اُدر : پیٹ ، موٹا پن ، کشت و خون

ادرمان : عزت ، تعظیم

ادک (ادھک) : بڑا ، بہت ، بہت بڑا ، بہت سا، بہت زیادہ ، نہایت ، کثرت سے

اُدک : پانی

اد گدھ : کچّا

ادلا : پنڈلی کا گوشت

ادلانا : پریشان کرنا

اُدلنا :
اُدھلنا : } مضطرب ہونا ، برباد ہونا یا کرنا

اُدم : کار و بار ، کوشش ، سخت کاوش ، سخت محنت

اُدماد : شوخی ، بے حیائی ، شہوت پرستی ، آوارگی ، مستی ، تکبّر

ادمیں : آدمی

ادنتری : لٹکا ہوا ، معلق ، بیچ میں

ادو : سورج

ادوس :
ادوسی : } بے قصور

ادِہ (آد) : قدیم

ادّھا : آدھا

ادھار : سہارا ، ذریعہ ، وسیلہ ، مدد ، خوراک ، طاقت ، بھروسا

ادھارا :
ادھاری : } تاریکی

ادّھارنا : رہا کرنا ، آزاد کرنا ، رہائی دینا ، موقوف کرنا

اَدھان : ۱ - طغیانی ، سیلاب ، جوار
۲ - مشرب ، رسم ، مذہب

ادّھر : ہونٹ ، خاص کر نیچے کا ہونٹ

ادھراج : مہاراجہ ، شہنشاہ

ادّھر امرت : لبوں کا آبِ حیات

ادّھرپان : ہونٹ چوسنا

ادّھر پر ادّھر : لب بر لب ، ہونٹ پر ہونٹ

ادھرتی چال : بے تکا پن

ادھرم : اندھیر ، ظلم ، بے ایمانی ، نا انصافی ، گناہ ، لا مذہب

ادھرماں : مرتبہ

ادھرمی : لا مذہب ، گناہ گار

ادھک : زیادہ ، بڑا

ادھم : ذلیل آدمی ، نیچ ، نِکمّا ، عیاش ، ادنیٰ

ادھن سری : پریشان

ادھو : راستہ

ادھیر : بے ہمت ، بے چین

ادھیکا : ناتواں ، حاسد

ادیت : سورج

ادیتا : قیمتی

ادیک : (ادھک) ، زیادہ

ادیک پنا : حسد ، جلن

ادیکھا : حاسد

ادیکھ پن : حسد ، جلن

ادیکھی : جو نہ دیکھے ، جو نہ دیکھا جا سکے

ادیکھے : نہ دیکھے ہوئے

ادیکی : بے نہایت ، بے حد ، زیادہ

اڈ : جھگڑا ، مخالفت

اڈلیا : (۱) پسند آیا ، (۲) ڈالی ، ٹوکری

اڈمبر : ظاہری ٹھاٹ باٹ ، نمائش ، خوشی ، غصہ ، غرور ، تکبّر

اُڈو : تارا

اڈھال : بُرے ڈھنگ والی

اڈھل : نہ ڈھلکنے والا ، نہ گرنے والا ، مضبوط

اذفر : تیز بُو والا

ار : اگر

ارابا : فصیل کے وہ چبوترے جہاں توپیں نصب کی جاتی تھیں

ارابے : بارود خانے

ارائیں : کاشت کار ، مزارع ، کسان

اربد : آرب ، سو (۱۰۰) کروڑ

اُربسی : ہار کی طرح کا ایک زیور ، اندر کے اکھاڑے کی ایک پری کا نام

اربند : (اروِنڈ) کنول ، نیلو فر

ارت : (ارتھ) مفہوم ، معنی ، منشاء ، مطلب ، تشریح

ارتؔ : مال و متاع ، دولت

ارتھ : معنی ، مقصد ، مطلب ، تشریح

ارتھ کار : مطلب برآر

ارتی : آرتھی ، جنازہ

ارجنا : پانا ، فائدہ اٹھانا

اُرجھنا : الجھنا

ارچنا : پوجنا

ارداش : عرضداشت ، عرضی

اردگان : نجوم کی ایک جدول جو استخراج نتائج میں دخل رکھتی ہے

اردنگ : (اردھانگ ، اردھانگی ، اردھنگ) [اردہ = نصف + انگ = جسم] آدھا جسم ، عورت

ارڑاکر : انتہائی درد سے چلانا ، جانوروں سے مخصوص ہے

ارڑاکے : چلا کر

ارڑاوتا : چیختا ، چلاتا ، گرجتا

ارژنگ : نگار خانہ ، چین کے ایک مصور کا نام

اِرس : پہیے کا دُھرا

ارس : بے رس ، بدمزہ ، سوکھا

اُرس : چھاتی

ارگجا : } ایک مُرکّب خوشبو
ارگجہ :

ارگند : ایک قسم کا پھول ، خوشبو

ارُن : شفق ، سرخی

ارنا : آڑنا ، اٹکنا ، رُکنا

اروا : خواہش

اروگن : ضیافت

اری : دشمن

اُریب : ٹیڑھی ، ٹیڑھا

اڑ : غرور ، ضد

اُڑانا : طعنہ

اڑانا : پائنتی ، پلنگ کا وہ حصہ جدھر پیر رہتے ہیں

اُڑانا بچھانا : آوڑھنا بچھونا

اڑانی : پنکھا

اڑاونا : چلانا ، آڑانا

اڑباٹ : عام ڈگر سے الگ ، الگ راستہ ، ناہموار ، ٹیڑھا راستہ جو شارع عام اور آبادی سے الگ ہو

اڑھیاں : درماندگاں

اڑڑانا : چیخنا ، چِلّانا ، ڈکارنا

اڑسری : مُقابلہ ، سرکشی

اڑکا : پیتل کا ایک سِکّہ ، ٹکا ، دمڑی

اُڑگن - (اُوڑگن) : ستارہ ، ستاروں کا مجموعہ ، سنسکرت میں "اُڈگن" آتا ہے

اڑلانا : اڑڑانا ، چِلّانا

اڑنانوں : عرف ، پیار کا نام

اڑنگا : رُکاوٹ

اُڑی : چھب ، ناز و انداز ، ادا

اُڑی :
اوڑی : } چھلانگ (تیرنے کے لیے بلندی سے پانی میں چھلانگ لگانا) غوطہ

اڑے (اڑنا) : رُکے ، مبتلا ہوئے

اڑیا : مشکل میں پھنسا ہوا ، مُبتلائے مصیبت

ازار : دُکھ ، آزار

ازمانے کے تئیں : آزمانے کے لیے

ازماونا : آزمانا

اُزن^ : فوراً ، اسی وقت

اُس : اس کے پاس ، اس کو ، اس کے

اساڈلا : سوتی کپڑا

اُسارا : چھپّر

اُساس :
اوساس : } آہ ، ٹھنڈی سانس (آساسان ، جمع)

اُساس : سانس ، آرزو

اسان : آسن

اُسانا : جوش دینا

اسپاس : آس پاس

اُسپت : سوار ، گھوڑے کا مالک

اسپند : کالا دانہ

اسپھل : بے پھل ، بے مراد

اِسُتت : (اسُتتی) ، مدح ، تعریف ، مناجات

اِسُتت کرت : گُن گاتا ہے ، مدح کرتا ہے

استرس : بہت زیادہ

اُسترہ : چُھری

اِستری : عورت

استوا : دوپہر کا وقت

استوت (استوٹ) : تعریف ، مدح ، توصیف

استھ : ہڈّی

استھان : جگہ ، مقام

اُستھی (اُس تھی) : اس سے

استیں : آستین

اسٹ (استھ) : آٹھوں سمتیں ، آٹھ

اُسچ : وہی

اسد : آسمان کے ایک برج کا نام ، شیر

اُسرا : اسیر کی جمع ، قیدی

اسَرن : بے آسرا ، بے سہارا ، غیر محفوظ

اسرواد : آشیر باد ، دعا ، مبارک باد

اسفید : سفید

اُس لئے : اس واسطے

اسمان : آسمان

اسنگت : بے تعلق ، بے جوڑ

اسوار : سوار

اسوچ : سمجھ سے باہر

اس واسطے : کیونکہ

اسوجھ : جسے سوجھ بُوجھ نہ ہو ، بے عقل

اسوجھہ : پوشیدہ ، چھپا ہوا

اسودھ : ناراستی ، غلطی

اسوَتی : زمین

اُسَون : آسے

اسی : اسّی (۸۰)

اشاڑ (اساڑھ) : ایک ہندی مہینے کا نام ، جو گرمی کے موسم (جون جولائی) میں آتا ہے

اشٹ : آٹھ

اشٹ دسا : آٹھ سمتیں

اشٹم : آٹھ ، آٹھواں

اشقالنا : چھیڑنا ، حرکت دینا

اشقر : گھوڑا ، سرنگ گھوڑا
امیر حمزہ کا گھوڑا (داستانِ امیر حمزہ کا مشہور کردار — امیر حمزہ)

اِشکال : مشکل پیدا کرنا

اشکلاۃ : شکلیں

اشلوک : شعر

اصول : اطوار

اصیل : ماما

اعتباری : اعتقاد ، اعتبار

اعرج : معذور

اعقل : سب سے زیادہ عقل مند ، عاقل

اعمال : عُمّال ، حاکم ، صاحبِ اختیار

افسوسے : افسوس ، رنج ، غم

افغاں ہونا : آہ و فغاں کرنا ، نالہ و زاری کرنا

اقامت : کھڑا ہونا

اقلام : قلم کی جمع

اکار : عالم نا سوت ، سنسار ، بیکار

اکارت / اکارتھ : بیکار ، برباد ، رائیگاں

اکاس : آکاش ، آسمان

اکاسا بھکاسا : فریب دھوکا

اکالنا : نکالنا

اکاؤ : یکے بعد دیگرے ، ایک ایک کر کے

اکایک : یکا یک

اُکت : بات چیت ، گفتگو ، بات کرنا

اکر : آ کر ، آ گرے

اکرمی : بد بخت

اکرن : نہ کرنا

اکّرن : الفاظ

اکران (اکھران) : اکر کی جمع ، الفاظ

اکشتا : سرخ چاول جو برہمن (پجاری) پیشانی پر چپکاتے ہیں

اکل : مضطرب ، بے چین

اکل بے کل : اکیلا اور بے چین

اکلا : زیادہ تر

اکم : اونچا ، بلند

اِکنگ : یک رنگ ، یک جان

اکنگھا : اکیلا ، تنہا

اکور : گھوس ، رشوت

اُکھالنا : نکالنا

اکہّت : کہتا ہے

اکھت : راز ، بہت

اکھٹ : باریک تر

اکچھر : الفاظ ، حروف

اکھر : اکثر

اکھّر (اکچھر) : الفاظ ، حروف

اکھرتیاں (اکڑتیاں) : اکڑتی ہوئی

اکھرنا : اکڑنا

اکَھڑ : آکھشر ، حرف

اکھّم : ایک آنکھ والا ، کانا

اکھنا : کہنا

اکھنڈ : (۱) غیر قابلِ تقسیم ، سالم ، تمام ، ثابت ، پورا ،
(۲) مکر و فریب ، لا یتجزی

اکھیاں : آنکھیں

اگ : آگ

اگاس (اکاس) : قوت ، آسمان

اگاؤ : اگاڑی ، آگے ، پہلے

اگت : مستقبل ، آیندہ زمانہ

اگر بھید : اگر کا جنگل

اگر چندن : اگر اور صندل

اگری : اگر ، جو صندل کی طرح ایک خوشبودار لکڑی ہوتی ہے

اگل : آگے ، سامنے ، رو برو ، زیادہ ، سبقت لے جانا ، اگلا ، بڑھا ہوا ، سبقت لے جانے والا

اگلا : } بڑھ کر ، افضل ، آگے ، زیادہ
اگلے : } آگے کا ، بڑھا ہوا ، پہلا

اگم : (۱) بنیاد ، عارف الوجود ، عقبیٰ ، علمِ غیب ، چشمہ ، گہرا
(۲) نا قابلِ فہم ، نا قابلِ گزر ، نا قابلِ حصول

اُگم : پیدائش ، بالیدگی

اگن : (۱) آگ ـ (۲) آنگن ، صحن

اُگنا : مشرق ، شمال کے لیے بھی آتا ہے

اگنی : آگ

اگو : آگے

اگواڑا : آگا ، اگلا حصہ ، صحن

اگوچر : جو نظر نہ آئے ، غیر محسوس ، جو پڑھا نہ جا سکے

اگھا : سیر

اگھات : مار ، چوٹ

اُگھاڑنا : کھولنا ، آ کھاڑنا

اُگھانا : سیر کر دینا ، مطمئن کر دینا ، تشفی حاصل کرنا ، سیر ہونا ، چھکنا

اگھانے : سیر ہوئے

اگھٹ : انہونی ، ناشدنی ، غیر ممکن

اگھم : یقین

اگھور : ڈراؤنا

اگھی : دیکھی

اگھیانی : دل سیر کر دینے والا

اگھیٹی :
اگنیٹھی : انگیٹھی
اگیٹی :

الگنا : پار کرنا ، چھلانک لگا دینا ، کودنا ، جدا ہونا

الگیا : الگ ، مخصوص

الّلے تلّلے : عیش و عشرت

النکار : زیور ، ابھوشن ، آرائش ، صنائع بدائع ، فنِ شاعری

النگ : ہم بستری ، ہم آغوشی ، بغل گیری

النگ : چھلانگ ، سمت

اُلنگ : دیوار

اُلنگنا : کود جانا ، پھلانگ جانا ، گزر جانا ، بغل گیر ہونا ، حد سے تجاوز کرنا

النگی : پشت بہ دیوار

النگے : الٹے

الوپ : پوشیدہ ، نہاں ، غائب

الوپنا : چھپانا

الول : بازی ، شوخی ، قائم ، پائدار

الول : موج ، لہر ، تلاطم

الول و کلول : دھما چوکڑی

الولگ : اب تک

الہا : طاقچہ

الہانا : خوشی منانا

اُلہانا : شکایت ، عیب ، ترغیب

البانی : جرمنی کا ، جرمن

اُلینڈنا : آنڈیلنا

امّا : مگر ، لیکن ، تاہم

امار : انبار ، ڈھیر

اماس : اماوس ، تاریک رات

امام : سردار

امامت : سرداری

اماں جائی : بہن

امبوا : آم

امبیا : چھوٹا اور کچّا آم

امت : بے عقل

اُمت : زیادہ

اِمت بدیا : ایک علم کا نام

امِٹ : جو مٹ نہ سکے ، قائم و دائم

امدا نگر : احمد نگر ، ایک شہر کا نام

امشدت : مشہور چیز

امَر : جو کبھی نہ مرے ، غیر فانی

امرت : آبِ حیات

امرت بچن : میٹھے بول

امرت پھل : } وہ پھل جس کے کھانے سے
امرت کا پھل : } آدمی ہمیشہ جوان رہتا ہے

امرت گُن : خوش خُلق ، جان بخش ، خوبیوں کا مالک ، شیریں کردار

امرس : آم کا رس

امریت : امرت ، تریاق

اُمس : ہمت ، حوصلہ ، شوق ، ولولہ

اُمس : شدت کی گرمی جس میں ہوا بند ہو

امَس : ہوس

امر : ہمت ، حوصلہ

امشلہ : کٹھنا

امن : محفوظ ، بے لوث

امنگ : خوشی

امُول : بے اصل، بے بنیاد ، جس کی جڑ نہ ہو

امولک : بے بہا ، بیش قیمت ، انمول

امولی : } (امول) ، انوکھی
امولے : }

امیٹ : انمٹ ، نہ مٹنے والا

اِن : یہ

اُن : وہ

ان : اگر

ان : اندر ، باطن

انّ : طعام ، کھانا ، غلّہ ، غذا ، قسم

انا : اناالحق

انا : اب

اناچت : } اچانک
انہت : } بے خبری میں
اناچتی : } انجان پن سے

اناد : استقبال ، بے آواز ، قدیم ، جس کی کوئی ابتدا نہ ہو

انثار : آنار

انام : انعام

انبدا : ناسُفتہ ، جو بندھا ہُوا نہ ہو

انبر : آسمان

انبراوتی : اِندر کے رہنے کا مقام ، اِندر پوری یا اندر لوک

انبرت : انبر ، عنبر ملا ہوا

انبل : امبل ، آول نال

ان بندیاگھر : دُر ناسفتہ ، بے بندھا موتی

انبھاتا : ناپسندیدہ ، نامرغوب

انبھیل : بے انتہا

اَن پان : کھانا پانی

ان پن : کھانا پینا

انپنڈت (ان پنڈت) : ناخواندہ ، جاہل ، بے علم

انپڑانا : پہنچانا

انپڑ دینا : پہنچا دینا ، پہنچانا

انپڑ سکسے : پکڑ سکے

انپڑنا : پہنچنا ، حاصل ہونا ، ملنا

انپڑ نہارا : سمجھنے والا ، پہنچنے والا

انپڑوں : پکڑوں

انپڑی : حاصل

انپڑے : پہنچے ، پائے

انپڑنے : پانے

انت : انتہا ، بے حد ، حد ، آخر ، کنارہ

انتر : فرق ، اندر ، بیچ ، میں ، فاصلہ ، الگ
راز ، بھید ، پردہ ، اندرونی ، درمیان ،
سِترِ باطن

انتر منتر : جادو

انتھ : حد ، انتہا

انٹی : گرہ ، گانٹھ

انٹے جھولٹے : جُھولے میں بالمقابل بیٹھ کر
ایک کے پاؤں دوسرے کی گود
میں رکھنا

انٹی کھوٹی : گوشہ گیر

انجان پن : جہل

انجانتا : انجان ، نہ جاننے والا

انجاو : نادانستگی

انجر پنجر : ہڈی پسلی

انجُل (انجلی) : اوک ، دونوں ہاتھوں کو ملا کر
چُلّو کی شکل بنانا ، جوگیوں
کا ایک طرح کا سلام

انجن : کاجل ، سرمہ

انجن سار : کاجل یا سرمہ کی طرح ، کاجل یا
سرمے جیسی

انجو : آنسو ، اشک ، موتی ، (انجواں ، جمع)

انجواں :
انجھواں : } (جمع) انجو ، انجھو

انجھو : آنسو

انجھو گھوٹنا : آنسو پینا

انجھیا : آنسو

انچر : آنچل

انچل :
انچلا : } آنچل ، نقاب

اُنچہ : اونچا

انچھر : منتر ، جادو کا کلمہ یا لفظ

انچھیا : خواہش ، آرزو

اند : (اندھ) اندھیرا

انّ داتا : آقا ، رازق ، خدا

اندازہ : مقدور

اِنـدر : اندر دیوتا ، پانی کا دیوتا

اندراون (اندرائن) : حنظل ، بکائن ،
بے حد کڑوا

اندر دھنش : قوسِ قزح ، دھنک

اندر سبا : اندر سبھا ، اندر کا اکھاڑا

اندکا : اندھیرا

اندکار : اندھیرا

اندگند : خاندان ، اصل ، جڑ

اندلا : اندھا ، [اندلے (جمع)]

اِندن : ایندھن

اندنکار : ظُلم ، اندھیرا

اندو : چاند ، کافور

اندَو : زنجیر ، ہاتھی کا سانکڑا ، پازیب

اِندُوکا : چاند کی روشنی

اندھار : } اندھیرا
اندھارا : }

اندھکار : اندھیرا

اندھلا : نابینا ، اندھا

اندھیارا : اندھیرا

اندھیاریاں : چھپر کھٹ کے پردے

اندی : آندھی

اندیاری : آندھیاری

اندیش : (صیغہ امر) [مصدر اندیشیدن] ، سوچ ، فکر

اندیشواں : فکر مند

انڈرے : } انڈے
انڈیاں : }

انبرت : امرت ، آبِ حیات

الروپ : مماثل ، مثل ، یکساں

انّس : آنناس

اُنسَت : اُنس ، محبت

اُنست دھرنا : محبت کرنا

انک : لا تعداد

انک : آنکھ

انکات : ایک طرف

انکات : نفرت

انکانا : پرکھوانا ، دام لگوانا

انکِت : منقش ، جس پر نقش کیا ہوا ہو

انکڑنا : اکڑنا

انکڑ کر : تابع ہوکر ، محکوم ہو کر

انکڑی : اکڑی

انکور : رشوت ، کنُھوس

انکھات : نفرت

انکھی : آنکھ

انکھیاں : آنکھیں

انگ : بدن ، جسم ، عضو ، چولی

اِنگ : موسیقی کی اصطلاح

انگار : آگ ، انگارہ

انگات : تکلیف ، پریشانی

انگت : جس پر نقش کیا ہوا ہو

انگت : تابع

انگٹ : اشارہ ، رائے ، علامت ، حرکت ، تلاش ، رفتار ، چال چلن ، ڈیل ڈول ، جُثہ

انُگل : آنگلی

انگ لپت : مجسم ، جسم سے لپٹا ہوا

انگن : صحن ، آنگن

انگن : آگے

اُنگنا : اونگھنا

انگنائی : صحن ، آنگن

ان گینت : بے شمار

انگوچھا : وہ کپڑا جسے نہانے کے لیے یا نہانے کے بعد تولیے کے طور پر استعمال کرتے ہیں

انگوں : سامنے

انگھت : دکھاوا

انگھے : آگے

انگھیں : آگے

انگے : آگے ، مقابلے میں

انگے کو : آگے کو ، آیندہ کو ، اب سے ، اب کے بعد سے ، کی موجودگی میں ، کے ہوتے ہوئے

انگے ہونا : استقبال کرنا

انگیا : چولی

اُنمان : خیال ، گمان ، اندیشہ ، ارادہ

اُنمان : تولنا ، پیمائش کرنا

انمان : ڈر ، خوف ، ناقابل قبول ، بات کا احساس ، وہ بات کہنا جو مانی نہیں جا سکتی

انمِل : بے جوڑ ، میل نہ کھانے والا

اُنمَن : بادل

انمناٹ : بے دلی ، بے پروائی

انمنانا : بے دلی سے کام کرنا ، پس و پیش کرنا

انمیل : نہ ملنے والا

اُنَن : اُن کے ، اُن کو ، انھوں ، (اُن واحد)

اننا : لانا

اننت (ان انت) : بے حد ، بے انتہا ، ازلی ، آسمان

انند : آنند ، خوشی ، سکون

اننس : انناس

اننگ : آگ

اُننھہ : اُن (کی جمع)

اُنو :
انوں : } وہ ، ان ، ان کے

انواو : منگواؤ

انُوپ : نادر ، انوکھا ، بے مثل، اعلیٰ ، عمدہ

انوپ : وہ زمین جہاں پانی جمع ہو ، دلدل

انٹوٹ : آنگوٹھے کا چھلا جس میں گھونگرو ہوتے ہیں اور جسے عورتیں پاؤں میں پہنتی ہیں

انوٹھی :
انوٹھی :
انوٹی : } انوکھی

اُنوکا : ان کا

اُنوکوں : انھوں

الوسان : شک ، شبہ ، اندازہ ، قیاس؟، دلیل

انہون : نہ ہونا

انھی : انھیں سے

انی : یعنی ، اور

انے : (۱) اور (۲) اُس نے

اِنـّیا :
انیاؤ :
} نا انصافی ، ظلم ، غـلـطی

انیالا : نوک دار ، نوکیلا

انیاؤ : نا انصافی ، ظلم ، غلطی

انیت : نا انصافی ، ظلم و جبر

انیکی انیک : طرح طرح کے

اُنیندی : نیند سے بھری ہوئی

انیندی نین : نشیلی آنکھ ، چشم پُر خواب ، چشم مخمور

او : وہ ، اُن

اُو : پانی

اوارا :
اوارہ :
} آوارہ

اواسوا : اِدھر اُدھر کے لوگ ، ایرے غیرے

اوبریا : اُبھرا ، ظاہر ہوا

اوبرے : اُبھرے

اوبل : (ابلنا) بیزار ہو کر

اوبھا : کھڑا

اوبھی : وہ بھی

اوبھے : (اوبھنا=اُگنا ، اُبھرنا) اُگے ، ابھرے ،

اوباڑنا : تمام کرنا ، حاصل کرنا ، نکالنا

اوپٹ : جوش کردہ

اوپٹ کر : جوش مار کر ، اچھل کر

اوپٹنا : جڑ سے اکھاڑنا ، قطع تعلق کرنا

اوپج : پیدائش

اوپجنا :
اپجنا :
} پیدا ہونا ، نمودار ہونا

اوپجے : پیدا ہوئے

اوپرال : اوپر ، اوپر کی طرف ، اوپر والا ، محافظ

اوپلی : اُپلا ، کنڈا ، پاتھی

اوت : پوشیدہ

اوتار : دیوتا ، اعلیٰ درجہ کا ، نادر ، بے مثل

اوتارگی : آمد

اوتالا : بے چینی ، بے قراری

اوتالی : عجلت ، جلدی

اوتاول :
اوتاولا :
} عجلت پسند ، جلد باز
اوتاولے ، (جمع)

اوتر : جواب

اوترائی : وہ ہوا جو شمال کی طرف سے چلتی ہے ، بادِ شمال

اوتم (اُتم) : عمدہ ، اچھا

اوتول : عجلت ، جلدی

اوتھل : آتھلا ، سطحی ، چھچھورا

اوتے : اتنے ہی ، اسی قدر

اوٹا : چبوترا

اوٹنا : اونٹنا ، زور سے آبلنا ، کھولنا ، پکڑنا ، لگانا

اوٹناں : گرم

اوٹنگل : بے تک ، بے تکا ، بے ڈول ، اوٹنگا

اوٹھ : اوٹے ، برآمدے

اوٹھیا : اٹھا

اوجال : روشن کرنے والا

اوجھٹ : اٹر

اوجھڑ : اچھال ، ڈھکیلنا ، بڑھانا ، پھوہڑ ، برائی ، بے حیائی

اوجھڑ : تلوار کا وار

اوچا : اونچا کر ، آٹھا ، اونچا

اوچاٹیا : دل بھر گیا ، تنگ آ گیا

اوچار (اُبھار) : سختی ، بے فکری ، عدم توجہی، بے انصافی ، بے مروتی

اوچار : غلبہ

اوچانا : اٹھانا ، زندہ کرنا ، پیدا کرنا

اوچایا : آٹھایا

اوچتا : یکایک ، اچانک

اوچتی : بے خیالی سے ، نادانستہ ، ناگہانی

اوچھر : تاریکی

اوچھیاں کرنا : شوخیاں کرنا ، کُدکڑیں بھرنا

اوداسا : تیتار

اوداسا : آداس

اوداس : تنفّر

اودت : طلوع

اودسا : بدقسمتی ، بدبختی

اودک : پانی

اودِم : سبب ، کوشش

اودھان : ہوش ، شیوہ ، تذکرہ ، ڈھنگ

اودھرم : بے دھرم ، بے ایمان ، بے عقیدہ

اودھو : صاحب ، معزز ، سری کرشن کے رازدار اور نامہ بر

اودھوت : بہادر

اور : طرف

اُوردھا : بوڑھی ، بوڑھا

اورس چورس : طول و عرض ، چاروں طرف سے

اورگن کرنا : قبول کرنا

اورن : آوروں کو

اوڑ : روگ ، بیماری

اوڑ : پناہ ، سہارا

اوڑگن : ستارے

اوڑے : الگ ہو جائے ، کنارہ کش ہو جائے

اوڑے : (اوڑنا ، آڑنا) آڑے

اوڑیا : آڑا

اوڑی مارنا : غوطہ لگانا (بلندی سے)

اوس : اس کو

اوسٹھار : اس مقام پر ، اس جگہ پر

اُوسر : بنجر

اوسری : جھونپڑی ، دالان

اوسکیچہ : اس کے ہی

اوسُگن : بدشگونی

اوسنتے : خواب میں بڑبڑاتے ہوئے منہ سے ادا ہونے والے الفاظ

اوسی : آسی

اوسی تے : اس وجہ سے

اوصیا : وصی کی جمع

اوک : چُلو ، دونوں ہاتھوں کو اس طرح ملا کر رکھنا کہ اس میں پانی ٹھہر سکے

اوکال : بے موسم ، بے وقت

اوکالی : قبل از وقت پیدا ہونے والا بچہ

اوکشٹ^ : پوشیدہ ، غیر مرئی ، پنہاں

اَوکل : بے قرار ، مضطرب ، آفت ، بے کل

اوکل : بُرا وقت

اوکاتی^ : مضطرب ، بے چین

اوکنا : قے کرنا

اوکی : اس کے

اوکہت : اکھت ، جو نہ کہا جا سکے

اوکھد : دوا

اوکھلی : مسالہ وغیرہ کوٹنے پیسنے کے لیے پتھر کا ظرف

اوکھنائی : وہ ہوا جو جنوب کی طرف سے چلتی ہے

اَوگَت : احساس ، اِدراک

اوگت : پوشیدہ ، ایجاد ، ابتدا میں

اوگم : گہرا

اوگم : آغاز

اوگناں : (اوگن ، واحد) بد خصلت ، برائی ، خرابی

اوگھاہ : گہرا

اوگھٹ : کھول کر

اوگھڑ : ناسمجھ ، بے وقوف ، بے ربط ، بے ڈھنگا

اوگے : طلوع ہو

اَوَل^ : اوّل

اول : وہ مَیل جو دانت اور زبان پر جم جاتا ہے

اولٹھا : الٹا ، [اولٹھے (جمع)]

اولچنا : نکال دینا

اولاس : شوق

اولاسا : دلاسا

اولال : آلار ، پچھلا بوجھ زیادہ ہو جانے کی وجہ سے گاڑی کے اگلے حصہ کا اٹھ جانا

اولالی : جوش ، جذبہ ، چھل ، کلیل

اولالے : } جمع اولالی
اولالیاں : }

اولکھن (اولکشن) : بد چلن ، بد بخت ، بد کردار

اولنگنا : کودنا ، کود کر اس پار جانا ، پھاندنا

اولباد : اولاد

اوکیچ : پہلے ہی ، (اوَل + چ تاکیدی بمعنی ہی)

اولینڈنا : انڈیلنا

اُوسس : جوش ، ترنگ ، ولولہ ، حوصلہ

اونا : خنجر ، جمدھر

اونبی : خوشۂ گندم

اونٹ کر : مل کر ، اپن بنا کر

اُونچ : اونچا ، بلند

اونڈا : گہرا

اونن : ان کا

اونن پر : ان ، ان پر

اونندیاں : مخمور ، نیند کے مارے

اونونمین : ان میں

اونھا : وہاں

اونہار : مانند ، مثل ، طرح

اونے : ان ، وہ

اونیچہ : وہی

اوننیدیاں : خمار آلود

اوہ : وہ

اوہام : خیالات ، تخیلات

اوہریک بول کے اوپر : اس کے ہر لفظ پر

اوہے : ہوئے

اوئی : وہی

اہت : دُشمن

اہنکار : غرور ، نخوت

اہوں : ہوں

اہے : ہے

اہیر : گوالا ، گھوسی ، ایک قوم کا نام

اہیڑا : شکار ، صید

اہیں : (اہے کی جمع) ہیں

اے : یہ

ایانا : نادان ، انجان

ایاناں : چھوٹا ، بیوقوف

ایانی : بھولی بھالی ، معصوم ، عقل سے کوری

ایتا : (اِتا) اب ، اتنا ، زیادہ ، مزید

ایتال : اب ، فوراً

ایتال : (اتاول) شوق ، تیزی ، بیتابی

ایتیاں : (جمع مؤنث) اتنی

ایتک : اس قدر ، اِس قدر

ایتے : اِتنے

ایچھ : آرزو

ایراوتی : دریائے راوی کا قدیم نام

ایرٹیکی : جلن ، حسد

ایس : اِس

ایسیاں : اِیس کی جمع

ایسیچ : ایسے ہی ، اسی طرح

ایسو : ایسے

ایکا : اتحاد ، اتفاق ، دوستی

ایکانت : ایک طرف

ایک اگلے تیس : اکتیس(۳۱) ، قدیم اردو میں گنتی کا یہ طریقہ عام تھا

ایک پنا : وحدت

ایکتل : ایک ذرا

ایکٹ : تنہا ، یک لخت

ایکروپ : ہم شکل ، مشابہہ

ایکس : ایک

ایکس کوں ایکس : ایک دوسرے کو

ایکل : اکیلا ، ایک ہی

ایکلا : اکیلا ، تنہا

ایکل کُھری : اکھل کُھری ، بے مروت

ایکنگ : اکیلا ، تنہا ، اپنے بل بوتے پر مقابلہ کرنے والا

ایکھرا : تنہا

ایگیارہ : گیارہ

ایلار : اس طرف ، ادھر

ایلاڑ : ورے ، اِس طرف ، اِدھر

ایلیا : حضرت علی کا ایک لقب

اینچ : کھینچ ، پینچ

اینچ جانا : کھینچنا ، چوک جانا ، وار خالی جانا

اینچنا : کھینچنا ، گھسیٹنا ، تاننا ، کسنا ، اپنے ذمے لینا ، آونٹنا

ایندر : اندر دیوتا

ایندریں : (ایندریاں) ،حواسِ خمسہ ظاہری و باطن

اینڈی : نِکما ، بے کار ، ناکارہ

ایوں : اس طرح ، بے کار

ایہہ : یہ

ب

باب : دروازہ ، کسی کتاب یا تصنیف کا ایک حصہ

بابا موئی : فارسی مرکب "پدر مردہ" کا ترجمہ ہے ، عورتیں کسی کو کوسنے کے لیے استعمال کرتی ہیں ، یتیم ، جس کا باپ مر گیا ہو

باہر : حجام ، نائی

بابوں : باب میں ، لیے ، واسطے

باپ : پاپ ، گناہ

بات : } حرف ، گفتگو ، باتیں
باتاں : } "بات" کی جمع

بات بھار پڑنا : بات کا کھل جانا ، افشائے راز ہو جانا

بات پاڑو : راہ زن ، بٹ مار

بات چلنا : بات مشہور ہونا

باترن : باتیں

بات میں ہونا : ہم خیال ہونا ، قابو میں ہونا

باتی بیتی : گزری بات

باتیاں : بتیاں

باٹ : راستہ ، سڑک ، راہ ، تولنے کے پیمانے

باٹاں : باٹ کی جمع

باٹ بٹوہی : پگ ڈنڈی ، (بٹوہی بطور تابع لفظ کے استعمال ہوا ہے)

باٹ پارہ : } راستہ مارنے والا ، راہ زن ، ڈاکو ، بٹ مار
باٹ پاڑو :

باٹ دیکھنا : انتظار کرنا ، راہ دیکھنا

باٹ سار : } مسافر
باٹ سارو :

باٹکا : باغ ، تفریح گاہ

باج : بغیر ، سوا ، بجُز ، علاوہ ، خراج ،

باج دار : باج گزار ، خراج دینے والا

باجنا : شہرت ہونا

باجنتری : باجے والے

باجہ : بجنے کی آواز

باچنا : پڑھنا

باچھا : کسی بھی جانور کا بچہ ، بچھڑا

باچھنا : انتخاب کرنا

باچے : پڑھے

باد : برباد

بادر : بادل ، کپاس کا پودا

بادُر : چمگادڑ

بادز : بعداز ، اس کے بعد

بادلا : زرین کپڑے کی قسم

بادلی : بدلی ، بادل ، زرین کپڑا

باڈھی : بڑھئی

بار : باری ، خدا ، بارگاہ ، موقع ، دشوار ، دیر ، زیادہ ، پھل ، کاروبار ، لڑکی ، بیٹی ، دن ، پانی ، روک ، بہار ، دروازہ ، چوکھٹ ، دیوڑھی ، تاخیر

بارا : ہوا ، باؤ ، آندھی ، لڑکا ، بالا ، کوئیں سے پانی کھینچنے کا چمڑے کا ڈول

بار دینا : اجازت دینا ، داخل کرنا

بارِک : باریک ، پتلی

بارِک کمر : پتلی کمر

بارکش : چرواہے کی لکڑی یا درانتی

بارگہ : خیمہ

بار لانا : دیر کرنا ، دیر لگانا ، پھل لانا

بارنہ : (باراں) ، بارہ (۱۲)

بارہ باٹ : ٹکڑے ٹکڑے ، منتشر ، مفقود

بارے : (بارا واحد) ہوا ، پُھونک

بارے مثال : ہوا کی مانند

بازار گانی : بیوپار ، سوداگری

باڑ : صحن ، قلعہ ، دروازہ

باڑا : } محلہ
باڑہ :

باڑی : باغ

بازاری : بازار میں پھرنے والا/والی

بازد : بعد از

باس (واس) : بو ، خوشبو ، مہک ، رہنا ، قیام کرنا ، ڈیرہ ، گھر ، خانہ

باسری : بانسری

باسک : } سانپوں کا بادشاہ
باسکھ : }

باسن : برتن

باسوک : ہندو دیو مالا کے مطابق آٹھ ناگوں میں سے دوسرا ناگ جس کے پھن پر زمین قائم ہے

باسی : باشندہ ، مسافر ، ایک دن پہلے کی چیز

باغِ ارم : شدّاد کی بنائی ہوئی جنت

باغباس : خوش ، فدا ، تصدّق

بافتہ : کپڑے کی ایک قسم

باکھر : وہ گائے جو دودھ سے ہٹ جائے

باگ : باگھ ، شیر

باگاں : باگ (کی جمع) بہت سے شیر

باگل : دریائی پرندہ ، بگلا ، چمگادڑ

باگلیاں : باگل (کی جمع) بگلے

باگ مار : شیر کو مارنے والا ، شیر کُش

باگھن : مادہ شیر

بال : بالک ، بالکا ، لڑکا ، پانچ سال سے کم عمر کا بچہ ، چیلا ، بال ، (سر ، بدن وغیرہ کے) ، بازو

بالا : بالک ، بچہ ، لڑکا ، معشوق ، نوعمر

بالا بدل : بلند بادل

بالاں : بال کی جمع

بالپن : بچپن ، لڑکپن ، طفلی

بالک : ننّھا

بالکا : (بالک) بچہ ، لڑکا ، شاگرد

بالکنی : طفلِ شیر خوار ، بالک

بالمباں : بالم ، ایک قسم کا کپڑا

بالنا : جلانا ، ڈالنا

بالی : ننھی بچی ، لڑکی ، معشوق ، محبوب ، کمسن لڑکی

بالے بال : بال بال ، سب ، پوری طرح

بالے بال دود پھٹنا : ایک بد دُعا ، (کسی کے روئیں روئیں پر عذاب کا نازل ہونا)

بالیں بال : بال بال

بالے نہال : پودے

بان : تیر ، ایک قسم کی ہوائی جو پرانے زمانے کے آلاتِ حرب میں شامل تھی ، باناں (جمع)

بانا : پود ، ڈالنا ، لانا ، پرونا

باناں : پود ، بانا

بان بارہ : کھرا ، خالص (بارہ بان کا سونا زرِ خالص کہا جاتا ہے)

بانٹن بارا : بانٹنے والا

بانٹے : حصّے ، ٹکڑے

بانٹے پڑے : منتشر ہو گئے

باٹی داونی : آوارہ ، ذلیل ، بدمعاش

بانج : بانجھ ، وہ عورت جس کے بچہ نہ ہوتا ہو

بانجھ کاڑا : ایسی دوا جس سے عورت بانجھ ہو جائے

بانچسی : خیال کرے ، خیال کرتا ہے

بانچنا : بچنا ، سمجھنا ، خیال کرنا ، پڑھنا

بانچھ : محفوظ

بانچے : پڑھے ، بچے ، باقی رہے ، سمجھے ، خیال کرے

بانچیا : بچا ، زندہ رہا ، پڑھا ، بچایا

بانچی رہے : باقی رہے

باند : باندھ

باندنا : باندھنا ، بنانا ، جیسے گھر باندھنا

باندھیا تجھ پلّو : تیرے پلو باندھا

باندیا : باندھا

باندے : باندھے ، بندھے ہوئے

بانڈ : بھانڈ

بانڈا : دُم کٹا

بانکڑی : ایک قسم کی لہردار چوڑی جس کو بانک کہتے ہیں

بانگ : اذان

بانگی : موذّن

بانو : بان ، لباس

بانہہ گھنا : ہاتھ پکڑنا

بانی : بولی ، زبان ، نام سرستی (علم کی دیوی)

باو : بارا ، ہوا ، ڈالو

بانواں : بایاں ، (دایاں کی ضد)

باو بادا : طوفانِ گرد و باد

باو پھک : ہوا خور ، آوارہ

باو دار : لُنڈ مُنڈ درخت

باوری : دیوانی ، نادان عورت

باورے : دیوانے

باوڑی : دیوانی ، باؤلی ، کنواں

باوَل : باؤلا ، پاگل ، مجنوں ، دیوانہ ، بے وقوف

باولا : دیوانہ

باول کرنا : باور کرنا

باون : بے وقوف

باون بیر : پستہ قد ، ٹھنگا

باونار : ہوا کی طرح

باوبی : بائین

باہ : بانہہ ، آگ

باہنا : ڈالنا ، جلانا

باہان : (باہ کی جمع) بازوؤں

بَاہَان تنوی : بازوئے نازک

باہن : } سواری
باھن : }

باہو : بازو ، بازو بند

باہیں : واسطے ، لیے

باۓ : ڈالے

بائیں : باولی

بِپت :
بپّت :
بِپتا : } مصیبت ، دکھ

بپڑا : بے کس ، غریب

بت : عمر ، سِن

بُتّا : دھوکہ ، فریب ، جھانسا

بُتاں : (واحد بت) مورتی

بِتان : ڈنڈا ، عصا ، بید

بتاناں : بتانا

بِتر : بھیتر ، اندر

بتّر :
بتری : } بدتر ، خراب

بتکاو : گفتگو ، بد گو

بتم :
بتّم : } تھوڑا ، قدرے

بتول : قطع کرنے والی ، (دینوی تعلقات کی) پیغمبرِ اسلامؐ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ کا لقب

بتھا : بِپتا
بتھا : بیتی ، سرگزشت ، کہانی

بتھر : بہتر ، برتر ، بڑا

بتی : بات ، بولی ، لفظ

بتی : بھتی

بتیاں : باتیں

بتیانا : بات کرنا

بتیس لچھن : بتیس (۳۲) انسانی صفاتِ حسنہ

بَٹ : باٹ (تول کا) ، راستہ

بٹان : (جمع) واحد باٹ ، تولنے کا پیمانہ

بٹاو : مسافر

بٹ مار : رہزن

بٹورنا : جمع کرنا

بٹھارہ : بھٹیارا ، کھانا پکا کر بیچنے والا

بِج : بجلی

بِج : بیج

بَج : باج ، بغیر

بُج : بازو

بجا آننا : بجا لانا

بجاگ : بجوگ ، جدائی

بجالا : بینگن

بجالیا : بجا لا کر

بُجانا : بجھانا

بُجتے : پہنچانتے

بَجد : بضد ، مُصِر

بَجِد ہونا : مُصر ہونا ، ضد کرنا ، ہٹ کرنا

بَجَر : سخت ، فولاد ، پتھر ، سل ، ہیرا ، جواہر ، کڑا ، اِندر دیوتا کا ہتھیار ، بجلی ، برق

بَجر : ہیرا ، بجلی ، مضبوط

بجرانگ : مضبوط جسم والا

بجرسل : سخت پتھر

بُجسی نا : نہ بجھے گا

بُجنا : بوجھنا

بجن ہار : بجنے والا

بجنتر : باجا ، نوبت

بجو : بجے ، بجا کر

بجوڑنا : پیٹنا ، مارنا ، روندنا

بجوگ (بیوگ) : جدائی ، فراق

بُجھ : (بوجھنا ، خیال میں آنا) ، سمجھ

بجھاؤ : عقل ، سمجھ ، فہم

بجھرنا : پانی کا رسنا

بجھلی : بجلی

بجھوہی : } فراق ، ہجر ، جدائی
بچھوہی :

بجید : بہ ضد

بچ : (وچ) بیچ ، درمیان

بچار : دریافت ، سوچ ، مشورہ ، فکر

بچارک : فکر مند ، غور کرنے والا

بچارنا : سوچنا ، غور کرنا

بچاریاں : بے چاریاں

بچاڑی : بے چاری ، بچالی، وہ گھاس جو گھوڑے کے تھان میں بچھائی جاتی ہے

بچتر : (وچتر) ، عجیب ، انوکھی ، نادر ، مصور ، جنس جنس ، طرح طرح

بچرنا : غور کرنا

بچرونگی : کھولوں گی

بچرہ : بوچرا ، وہ برتن جس کے کنارے ٹوٹے ہوئے ہوں ، گلا ٹوٹا ہوا گھڑا ، بُوچا گھڑا

بچڑا : چوزہ

بچک : ڈرکر

بچکاٹ : ڈر جانا

بچکنا : گھبرانا ، ڈرنا

بچن : آواز ، بات ، قول ، شعر ، کلام

بچن پارکی : بات کو پرکھنے والا ، سخن شناس

بچنک : بات

بچنگ : بچن ، وعدہ ، قیاس ، بات

بچو : بچھو

بچہ : بیچ ، درمیان

بچھانا : بچھونا ، بستر

بچھاناں : بستر

بچھرت : (بچھڑنا) ، بچھڑتا ہے

بچھڑا : جدائی ، فراق

بچھڑاٹ : جدائی ، فراق

بچھڑ ہن : فراق

بچھڑی : فراق

بچھڑے کی رات : شب ہجر

بچھوا : انگوٹھے کا زیور

بچھوہا : فراق ، جدائی

بچی : چھوٹی

بھایاں : بچتے

بختاں ُبھٹی : پھوٹے نصیب والی ، بد بخت

بخت وار : بختاور ، خوش نصیب

بخشانہارے : بخشوانے والا ، بخشنے والا

بخشیا : بخشا

بخور : دُھونی

ُبد : ُبدھ ، ُبدّھی ، عقل ، ہوش ، تدبیر ، تجویز

ِبدا : جدا

بد اصول : بدنصیب

َبدام : بادام

ِبدا ہونا : وداع ہونا ، جدا ہونا

بَدآیت : ابتدا ، آغاز ، شروع

ُبد ُبد : ُبلُبلا

ُبدبَل : عقل کی قوت ، زورِ عقل

ُبد پَن : عقل مندی

بدپتی : اہلِ دانش

بدخ : بطخ

بدخشاں : ہندوستان اور خراساں کے درمیان ایک ولایت ، جہاں لعل کی کانیں تھیں ۔ لعلِ بدخشاں مشہور تھا ۔

َبدَر : باہر

بدشکال : بد سگال

بدق : بطخ

بدکاو : بد سخن ، جرأت

بدل : بادل ، واسطے ، سبب ، خاطر ، بدلے ، کے سبب ، کے لیے ، بغیر ، جگہ

بدل بہار : ابرِ بہار

کام دھین : وہ گائے جو سمندر منتھن میں برآمد ہوئی تھی ، (ہندو دیو مالا کے مطابق)

کامروپ : خوبصورت ، دلُربا ، آسام کا ایک حصہ

کام کرام : برگزیدہ کام ، بڑا کام

کام لانا : کام پر لگانا

کامنی : حسین عورت

کامین : آرزو مند، شائق ، جذبہ ، شوق ، محبوبہ ، عاشق مزاج عورت

کاں : کہاں ، کس جگہ

کان : شرم ، عزت ، حیا ، ادب ، پردہ ، کینہ

کان : عالمِ جبروت ، عالمِ ارواح

کانپ : بانس یا لکڑی کی پتلی سی کھپّچی

کان پھول : کرن پھول

کانت :
کنت : } پیارا ، عزیز ، دوست
کنتو :

کانٹ : کاٹ

کانٹھاں :
کانٹیاں : } کانٹے

کاند : دیوار ، کندھا ، عمارت ، کنارا

کاندا : پیاز کی ایک قسم

کاندہ : عمارت

کانساں : کاسہ کی جمع ، پیالے

کانکرا : کنکر

کانم : کام

کاںوور : یرقان

کانورو : ایک ملک کا نام ، آسام کا علاقہ

کانورو دیس : آسام کا قدیم نام

کانون : قانون

کانون کے جاسوساں : سننے والے جاسوس

کانی : کہانی ، قصّہ

کاؤ : لال مٹی

کاوڑ : ٹیڑھا ، بزدل آدمی

کاوڑی : بزدل

کاون : کام

کاہلا : تیز ، بے چین

کاہلانا جی ہونا : طبیعت خراب ہونا

کاہو : کس ، کسی

کاہے : کیوں ، کس لیے

کائے : کس

کَبِت : ہندی صنف سخن ، ہندی شاعری کی ایک قسم

کبِتا : شعر ، نظم

کُبدھی : بیوقوف

کبری : بال ، رات ، کالا ، شادی

کُبَل^ : مشکل ، شدید ، ناقابلِ برداشت ، بہت سخت ، کمزور

کَبَل : (کول) لقمہ ، نوالہ

کبلاسیاں : پیوند

کبو : کبھی

کبولی : مستک

کبھیں : کبھی

کبی : کبھی ، کوی ، شاعر

کبیر : خدائے مال و دولت ، یکشوں کا راجہ

کبیسر : } بڑا شاعر ، شاعراعظم ، ملک الشعراء
کبیشر : }

کبیسری : شاعری

کپاٹ : کواڑ

کپال : } کھوپڑی ، پیشانی ، جوگی
کپالی : }

کُپتی : (گُپتی) وہ تلوار جو دستی چھڑی میں پوشیدہ ہو

کپٹ : حسد ، رنج ، کینہ ، کثافت ، بغض ، میل ، دغا

کپٹ بھاو : بد نیتی

کَپر : کھوپرا

کپر : (کھپر) جوگیوں کا مٹی کا برتن ، کاسۂ سر

کپل : مشکل ، کٹھن

کپوت : نالائق بیٹا

کپور : کافور

کپول : رُخسار ، گال

کت : کہاں ، کدھر ، کیوں ، کیوں کر ، کیسے ، کس لیے ، کس طرح ، کتنا

کتا : کتنا ، کتنا کچھ

کُتا : کُتّا

کتا : کہتا ، کہتا ہے

کتارا : قطار

کتاں : ایک قسم کا مہین کپڑا جو چاندنی میں پھٹ جاتا ہے

کترنگ : کس طرح

کترنی : } قینچی
کتری : }

کت کت : کتنے کتنے ، کیسے کیسے

کتک دن پچھیں : } کچھ دن بعد ، کئی دن بعد
کتک دن کو : }

کتلے : ایک قسم کا سالن ، جس میں چنے کی دال اور دوسری ترکاریاں پڑتی ہیں اور اس کا رنگ زرد ہوتا ہے

کتھ : کتھا

کتھا : داستان ، قصہ

کتھا : چھوٹا موسل (مُوسلی) ، جس سے بھنگ گھوٹی جاتی ہے

کتھاں : کتھا کی جمع

کتھرنی : قینچی

کتھرانی : کھشترانی

کتھل : ایک دھات کا نام ، رانگ ، رانگا

کتھن : کتھا ، کہانی

کتی : کئی ، کئی ایک ، بہت سے ، چند

کتے : کتنے ہی ، طرح سے

کتے : کہتے ہیں

کتیاں : کتنوں ، کتنی ہی

کتیانکوں : کتنوں کو

کتے کئے : کتنوں نے کہا

کتے ہیں : کہتے ہیں

کٹا : زہریلا ، ہلاک کرنے والا

کَٹّا : ہٹّا کٹّا ، سخت ، طاقتور

کٹاچ : غمزہ ، انداز

کٹاچھہ : (کٹاکش) ترچھی نگاہ سے دیکھنا

کٹ سوئی : ایک پرندہ

کٹک : لشکر ، فوج

کٹکن : ایک خاص کبوتر جو اپنے محبوب کے لیے اپنی جان نثار کر دیتا ہے ، ایک زیور جو ہاتھوں میں پہنا جاتا ہے

کٹکھنا : کاٹ کھانے والا ، منہ مارنے والا

کٹگر : لکڑی کا چھجا جو مکانوں میں دہلیز پر لگایا جاتا تھا

کٹل کیس : گھونگر والے بال

کٹُم :
کٹمب : } کنبہ ، خاندان

کٹن پن : کٹناپا

کٹن مچھندر : دلال ، بد وضع اور واہی آدمی

کٹھا : کُسنٹھا

کٹھون : سخت

کٹی : کانٹے

کٹیلا : کانٹے دار ، نوک دار ، صفتِ معشوق

کجات : (کجاتی) ، بد ذات ، بد اصل

کجان : بیوقوف

کجرا :
کجلا : } کاجل ، سرمہ

کجل : کاجل کا مخفف ، بے نور ، بغیر کاجل کے

کِجکجاٹ : دانت پیسنا

کَجلائی : کجلوٹی ، کاجل کی طرح کالی ، سیاہ

کجلی : ہاتھی

کُجناں : پُرانا

کجھری : دریا

کجّن : ناز دادا ، زر ، طلا

کَچ : کچھوا ، بال

کُچ : کچھ

کُچ : } پستان کا بالائی نوکیلا حصہ ،
کُچا : } سینہ

کِیچ : دلدل

کچاٹ : فساد ، جھگڑا ، ٹنٹا

کچاٹی : بد مزاج

کِچکچاٹ : دانت پیسنا

کچکول : کشکول

کُچلا کرنا : کچومر نکالنا

کچنال : کچنار ، ایک درخت ، اس کے پھول کو بھی کچنار کہتے ہیں

کچوانا : پہلو بچانا ، کَنّی کاٹنا ، بچنا

کچورنا : پہلو تہی کرنا ، بچنا

کچہ : } کچھوا ، سنگ پشت ، سچا موتی
کچھ : }

کچھو : کُچھ

کُچیک : کچھ ایک ، کوئی ایک، کوئی کچھ

کَد : کبھی ، کب ، کس وقت

کِدارا : ایک راگ

کداں : کب

کد بھی : کبھی

کد خدا : گھر کا مالک ، دولھا

کِدو : کدھر ، طرف ، کبھی

کدری : ایک مقام کا نام

کُدل : طاقت ور

کُدن : } کُندن
کُودن : }

کدم : } ایک قسم کی گھاس، ایک قسم کی خوشبو ، ایک خوشبو دار پھول ، ایک درخت کا نام ، گروہ ، جماعت
کدمب : }

کدھاں : کب

کدھاں لگ : کب تک ، کہاں تک

کدھن : } طرف ، سمت ، کس طرف
کدہن : }

کدھی : کبھی

کدھیں مدھیں : کبھی کبھی

کدی : کبھی

کَنڈا : تلوار

کڈھنگ : بُرا ڈھنگ

کدن : طرف

کر : حرف تخصیص و عطف ، کے نام سے ، نامی ، وجہ

کر : ہاتھ ، ہاتھی کی سونڈ ، خراج ، شان

کَر : بہرا

کرا : کا

کراسیا : بہادر ، غالباً گراز کی بگڑی ہوئی شکل، گرازہ ، ایک ایرانی پہلوان

کُراسیا : فوج کا دستہ ، سپہ سالار

کرانی : حکایت ، محرّر ، مُنشی، مقامی باشندے جو فرنگیوں کے ملازم ہوں ، منشی گری ، دکانداری

کرب : جسم و خصلت ، بھید ، بنیاد

کربت : سختی ، کرب ، دُکھ ، درد

کرپاس : کپڑا ، (کپاس کا) ، کپاس

کرپال : مہربان

کرپن : کرپا ، مہربانی

کرپور : کافور

کُرت : چمڑا

کِیرت^ : کیا ہوا ، بنایا ہوا ، تصنیف کیا ہوا ، نتیجہ ، ثمرہ ، ایک جُگ کا نام یعنی ست یُگ ، جسمِ ناسوتی

کرت : کام ، کرتا ہے

کرتاچ دوں : وہی کرتا ہے

کرتار : صانع ، مالک ، کار ساز ، کرنے والا ، پیدا کرنے والا ، خالق

کرتب : عمل ، فعل

کرتنی : قینچی

کَـرَج^ : ناخن ، انگلی

کرجون : گدھ

کِرجے : (کرجنا=کم ہونا) ، کم ہو

کِرچ : کرچی ، پرزہ ، حصہ ، جزو

کرخ : ایک ملک کا نام

کُردی : سخت دل

کرروپ : بد وضع ، بد شکل

کرڑ / کرن : مہا بھارت کی لڑائی کا ایک مشہور بہادر جو کُنتی کا بیٹا تھا ، پانڈوؤں میں سے ایک بھائی کا نام

کَرڑی : سخت، کڑی

کر سَکسی : کر سکے گا

کرسوں : کروں گا ، کروں ، کرسکتا ہوں

کر سکیا : کر سکا

کرسی / کرسے / کرسیں : کرے گا ، کریں گے

کُرسی نشین : ذی رتبہ

کِرکل : مٹی یا پتھر کے ذرات جو کھانے کی چیزوں میں آ جاتے ہیں ، ذرّات

کرکو : کرکر

کرن : ہتھیار ، حواس ، کان ، گوش

کِرن : راجہ کرن جو جود و سخا کی وجہ سے مشہور تھا

کرناٹی : کانڑا راگ

کُرنش : کورنش ، سلام

کرنائے : قرنا

کرنگ : ہرن ، بُرا رنگ

کرن لگنا : کرنے لگنا

کرن ہار / کرن ہارا : کرنے والا

کرنی : کام ، فعل ، عمل

کُروا : تلوار

کروٹ : ناراض، (منہ پھیر لینا)

کروڑ : ریڑھ کی ہڈی

کرونٹ : کروٹ

کرونٹھ : کروٹ

کرہ نایاں : قرنائیں

کیری : کی (اضافت)

کرے : کے (اضافت)

کریے : کیجیے ، کرے گا

کرے دار : نام میوہ

کریں : کر

کڑ : قائم ہو کر

کڑاڑا : کڑا ، سخت

کُڑاڑی : کلہاڑی

کڑاڑی : کروڑ

کڑانا : کڑھانا

کڑچ : مشکل

کڑرا : کرارا

کڑڑنا : پیسنا ، گھسنا

کڑڑی : سخت ، کڑی

کڑکا : ساحل ، کنارا

کڑکا : فتح کا راگ

کڑکا : غوطہ

کڑکی : غوطہ ، کنارا ، کڑکیاں (جمع)

کڑوا : بہادر ، مضبوط ، بے رحم

کڑواس : کڑوا پن ، تلخی

کڑوتی ہے : کاڑھتی ہے ، کھینچتی ہے

کڑوے بچن : تلخ کلام

کڑوے کسالے : نامرغوب، تکلیف دہ ، کڑوے کسیلے

کڑہاڑی : کلہاڑی

کڑی : سخت

کڑیا : راج ، معمار

کڑیال : آبی جانور ، کوڑیالا سانپ

کَس : طاقت ، زور ، قوت ، کسی ، کس کو

کُس : اندام نہانی ، عورت کی شرم گاہ

کسالی : کڑوی ، کسیلی

کساؤ : پرہیز ، علحدگی ، جدائی ، کھچاوٹ

کسائی : قصائی ، گوشت فروش

کسپت : ناراضی ، کچرا

کسپٹ : کثافت ، کوڑا کرکٹ

کستر : } مشک
کستوری : }

کس نے : کس سے

کس دھات : کس طرح ، کس طرف

کِس کوں : کسی کو

کَسلی : تکان ، تکلیف

کُسم : پھول

کِسمل : تکلیف ، دُکھ

کَسن : کسنا

کسنے : کے پاس

کسن : (کشن) ، کرشن جی ، ہندوؤں کے اوتار

کَسن : چولی ، بندھن

کسنا : آزمانا ، پرکھنا

کسنبالے : ایک پرندہ

کِسوت : لباس ، جامہ ، مجازاً چولی ، محرم

کسوٹی : سونے کو پرکھنے کا پتھر ، عیار

کَسی : کسنا کا ماضی مطلق

کِسے : کسی کو

کسیف : کثیف

کشت : (کشٹ) ، تکلیف

کشش : کوشش

کِشنا : دریائے کرشنا

کعبتین : پانسے

کف بکف : شرط بدکر

کفیاں : مست

ککر : وجہ سے ، کہہ کر ، کر کے ، موسوم ، مشہور

ککرا : سنگریزہ ، کنکر

ککری : گود ، بغل

کُکڑ : } مُرغا
کُکڑ : }

کُکڑی : مرغی

کرگ : گینڈا

کگر : مکان کی کنگنی ، کارنس

کگن : کنگن

کُل : خاندان

کَنل : فوارہ ، چمن ، پہلو

کلا : غمزہ ، ناز و ادا ، روشنی ، ترکیب ، تدبیر

کلاٹی : قلا بازی

کلار : اکلال ، شراب فروش

کلافر : قرنفل

کلاکتیاں : مکاریاں

کلاکر : ملا کر

کلا کرنا : ڈھونگ رچانا ، حیلے بہانے کرنا

کلا گھاٹ : غداری ، بے وفائی

کلال : ساقی ، کثافت ، شراب فروش

کُلال : کمہار

کلالاں : کایل ، خوش فعلیاں

کلالہ : فوارہ

کلانا : جھگڑا کرنا ، لڑنا ، ملانا ، ملا کر رکھنا

کُلاپٹنی : گنہگار

کلاٹی : قلا بازی

کلانی : تکلیف

کلاونت : ہنر مند ، رقاص ، رقاصہ ، گوّیے

کلاویں : کھلائیں

کلائے : کھلائے

کلب : (کلبھ) ، جوان ہاتھی، ہاتھی کا بچہ

کل بر زمین : زمین پر جھکی ہوئی

کل بل : بے چینی

کاپ : علاج کا ایک طریقہ جس سے جوانی از سر نو لوٹ آتی ہیں ، طاقت کی دوا ، منصوبہ

کلپ برچھ : طوبیٰ ، جنت کے ایک درخت

کلپسترا : کا نام

کلپ کیا : کایا پلٹ ، کایا کلپ

کلپنا : تڑپنا ، کڑھنا ، رونا

کلجُگ : دورِ حاضرہ ، ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق چار جُگوں میں سے آخری جُگ

کُلچّھن : بد چلن ، بد کردار

کلّڑ : کلّر ، شور ، سخت زمین

کلف : قفل

کِل کِل : بَک بَک

کِلکاری : بندر کا دانت پیسنا ، زور سے ہنسنا

کلکان : ہلکان ، پریشان

کلکلا : کیرکرا ، کیچڑ

کِلکلاٹ : بے قراری

کل کلانا : مضطرب ہونا

کلکلانا : بد مزاج اور ترش رو ہونا ، شور کرنا ، چلّانا

کل کل ہونا : شور شرابا ہونا

کلکلی مارنا : خوف یا غصہ میں زور سے تیز آواز نکالنا

کلکوت : حرص ، خواہش

کُلنتر : خُدا ، قادرِ مطلق

کلنک : سیاہی ، بدنامی ، داغ ، دھبّا

کُل لاج : خاندان کی عزت

کل مکھی : سیاہ رو

کلنکی : داغدار ، مجازاً چاند ، آوارہ، بدنام عورت

کلنگڑا : تربوز ، خربوزہ

کلوٹا : سیاہ فام

کلول : بے چینی ، بے قراری

کِلول : شوخی ، ولولہ ، مسرت ، لہر ، چُہل کلولیاں (جمع)

کلول ٹلنا : مصیبت دور ہونا

کل ونتی : اچھی صفات والی ، خاندان والی

کلوندی : (کنوڈی) ، زیر بار ، سُست

کلویل : گل بیل

کلیہ : کل ، فردا

کُلہ : کلاہ ، تاج ، ٹوپی

کلی : لو ، شعلہ ، سرخ مرجان

کلّی : پوری

کلیا : عقلمند ، دانا ، حکیم

کلیان : مبارک ، نیکی ، اچھائی ، بھلائی ، نجات

کِلیاں : (کلی کی جمع) ، کنجیاں

کلیا : کاسہ

کلیل : خوشی سے اچھلنا کودنا

کُلیہا : } مٹی کا گول برتن ، چھوٹی سی ہانڈی
کلھیا :

کاچ : کمانچہ ، ساز

کاچہ : نان کی قسم

کالت : کمال

کُمبار : کُمہار

کُمد : چاندنی رات میں کھلنے والا کنول ، چاندی ، کافور ، وشنو

کم زبان : بغیر بولے چالے ، کم بولنے والا

کم قل : کم عقل

کمّل : (۱) کمبل (۲) کامل ، اکمل

کُمل : کومل ، نازک

کَمل : کنول

کملا : ناقص

کملا چھلے : مرجھا گئے ، کمھلا گئے

کملا رہے : مرجھایا ہوا ، کمھلایا ہوا

کمل کھل : کوئل

کُملنا : کُمہلانا

کمود : چاندی ، کافور ، وشنو

کموری : مٹکی ، گگری

کمی : کم ، ناقص

کمیت : گھوڑا ، گہرے سرخ رنگ کا گھوڑا ، کمیتیاں (جمع)

کمین : کم ، ناقص

کمینہ : کم ، ناقص

کَن : ٹکڑا ، حصہ ، ریزہ ، دانہ

کن : کان ، قوت

کین : کون ، کوئی ، کس نے ، کس

کن : کنے ، نزدیک

کنا : کہنا ، بولنا ، بتانا

کناولانا : بغل گیر ہونا

کناری : پتلا لچکا

کنارے : الگ

کناسی : وحشت

کُنام : گمنام ، بدنام ، بدنامی

کُنامی : احمق ، بدنام

کنانا : کہلانا

کناون : گمنام ، بدنام ، بدنامی

کنبار : کلال ، کوزہ گر

کنباری : عماری

کنبلانا : کمھلانا

کنبلی : کملی

کنبہارا : ہودہ (ہاتھی کا) ، گہوارہ

کنبھار : } کمہار
کنبھال :

کنبھ کرن : ہندوستان کے ایک قدیم راجہ کا نام

کنبھ ستی : ہاتھی کے ماتھے کی گولائی کا بالائی حصہ

کُنبی : کاشتکار ، کسان ، دیہاتی

کنت : پیارا ، محبوب

کُنت : برچھی ، بھالا

کنت : مالک ، خاوند ، دوست

کُنتل : زلف ، بالوں کی لٹ

کنتھ : پیارا

کنتھا : کہانی

کَنتّھا : ہار یا رسّی جو جوگی اپنے گلے میں ڈالے رہتے ہیں اور جس میں وہ اپنی چیزیں باندھے یا لٹکائے پھرتے ہیں

کنٹ : گلا

کُنتل : زلف ، بالوں کی لٹ

کنٹھ : گلا ، گردن ، حلق

کنٹ مال : } کنٹھ مال ، گلے کی مالا
کنٹھ مال :

کنج : کنول

کُنج : کونہ

کنجال : کائی ، پانی میں اُگنے والی گھاس

کنجر : پرانے ، ایک قوم جو سانپ پکڑتی اور کھاتی ہے

کُنجر : بڑے ڈیل ڈول والا ہاتھی

کُنجڑا : ترکاری بیچنے والا ، سبزی فروش

کنجھال : (کنجال) کائی

کنچک : } چولی ، انگیا
کنچکی :

کنچلی : سانپ کی جلد ، کینچلی

کنچن : سونا

کَنچَن برن : سونے کے رنگ والی عورت

کنچنی : ناچنے والی

کندالاں : (جمع) ، کُنڈلیاں ، حلقے

کندن : خالص سونا

کندم کروں : روشن کروں

کندوری : دستر خوان ، فاتحہ کا کھانا ، ضیافت

کنڈ : تالاب ، کنواں

کنڈا کرنا : قید کرنا

کُنڈالا : مٹی کا کُونڈا یا لگن

کُنڈل : حلقہ ، لٹ بالوں کی، کنڈلیاں (جمع)، لٹیں

کنڈلا : بڑا کُونڈا

کُنڈل گھالنا : کُنڈلی مارنا

کنڈی : کچرا کوڑا ڈالنے کا بڑا ڈبہ ، وہ زنجیر جو دروازہ بند کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے

کنر : کنٹر ، ایک راگ کا نام

کنرا : ایک راگ کا نام

کنسارا : روئی فروش

کنسوری : جاسوسی

کنشت : } (کنشٹھ) ، خراب ، بد کیش ، بہت چھوٹا ، ادنیٰ ، تھوڑا
کنشٹ : } ہر چھوٹی چیز ، گناہِ صغیرہ

کنک : طِلا ، سونا ، اکسیر ، ترچھی ، عیب

کنک : گیہوں

کنکر ٹھار : کنکر کی جگہ

کنکل : خوشی ، مستی ، سرور

کنکال : عقل و دانش

کنکالا : ڈاین

کنکے : کنکر

کَنَنگ : شامیانہ

کنگارے : کنگورے

کنگال : ذلیل ، مفلس ، نادار

کنگری : بین کی طرح کا ایک ساز جس میں تین یا چار کدو اور صرف دو لوہے کے تار ہوتے ہیں

کنگورا : کنگرا

کَنَنگی : کنگھی ، اناج کا گودام

کنن : کرنی بھی

کن نے : کس نے

کنوجیا : قنوج کا رہنے والا ، برہمنوں کی ایک ذات

کنور : شہزادہ

کنول باو : یرقان ، کانور

کنولے : (کنولا) ، کومل ، نرم ، نازک

کنھیں : }
کنے : } کے پاس

کنیاں : (کنیا کی جمع) ، باکرہ ، کنواری لڑکی

کَو : (۱) کہو ، کہہ
(۲) طرف ، کب ، کس وقت

کو : میں

کَوّا : } کوّا ، کاگ ، حلق میں لٹکا ہوا
کتّوا : } گوشت کا ٹکڑا

کَوانا : کہلوانا ، کہلانے جانا ، مشہور ہونا

کوانے : کہلانے

کواوت : کہاوت

کواؤں : کہلاوں

کوب : عیب (بدن کا) ، صورت

کُوب : غصہ ، غیظ و غضب

کوبل : کبل ، مشکل ، بُرا

کوبھیس : بُرا حال ، بد حال

کوپ : غصہ ، غیظ و غضب

کوپ : دشمنی ، غصہ ، کنواں ، باولی ، تالاب

کوپ بھاؤ : غصہ سے

کوپر : کٹورا ، پیالہ

کوپی : (کُپّی) وہ چرمی چھوٹا سا شیشی نما ظرف جس میں خوشبودار تیل رکھا جاتا تھا

کَوِت : شعر ، نظم

کُوت : گرو ، پیمائش ، اندازہ

کوتا : } کُتّا ، (کوتے ، کوترے ،
کرترا : } کوتیاں ، جمع)

کَوتُک : تماشا ، کھیل ، دل لگی، بد اطواری ، برا کام ، باریکی

کوتل : وہ گھوڑا جو امیروں کی سواری کے ساتھ بغیر سوار کے آگے آگے چلتا ہے

کوتلی : تھیلی ، بٹوا

کوتے : (کوت)، جائزہ لینے والا ، تخمینہ لینے والا ، حصہ دار ، کو

کوتی : } کوتاہ ، حقیر
کوتے : }

کوایا : کہلوایا ، مشہور ہوا

کوٹ : قلعہ ، حصار

کوٹ : کروڑ

کوٹ : کڑوا ، گلوگیر

کُوٹ : کوٹ کر

کوٹال : } فریبی ، دھوکے باز
کونٹال : }

کوٹڑی : کوٹھڑی

کوٹک : باریک ، مینڈک ، کیڑا مکوڑا

کوٹھ : ذخیرہ ، گودام ، کوٹھی

کوٹی : ناریل کا نصف حصہ ، کاسہ

کُوجنا : جھلسنا

کُوجنا : بولنا ، آواز کرنا

کوجات : نیچ ذات کا

کوچ : کچھ

کوچریاں : گلی کوچے

کَودن : احمق

کودیاں : قلابازیاں

کودی کھانا : کودنا ، جست لگانا

کوڈھا : ٹیڑھا

کوذات : کجات ، کم ذات ، حقیر

کور : کنارہ

کورڑے : کرڑے

کورکی : (گوڑگی) ، پانجامہ

کورم : کچھوا

کورنگ : ہرن

کوروں انگارے بھرنا : غصہ سے آگ بھبوکا ہونا

کُوڑ : جاہل ، احمق ، برائی ، بد نفس

کوڑبانی : جھوٹی بات ، احمقانہ بات ، غلط گفتگو

کوڑڑا : تازیانہ ، کوڑا

کوڑیال : کمینہ ، نازیبا ، چتکبرا سانپ

کوز دان : کٹورے رکھنے کی تھالی

کوس : نقارہ

کوست : (کُست)، ناراستی ، گمراہی ، ضلالت

کوستبھ : سمندر منتھن میں جو چودہ رتن برآمد ہوئے تھے ۔ ان میں کوستبھ منی بھی شامل تھی ۔ یہ وشنو جی کے حصہ میں آئی ؛ وشنو جی کے گلے میں پڑا ہوا ہیرا

کوسنگ : بد صحبت

کوشاں : جوتیاں

کوک : کوکھ ، کمر

کوک : عیاشی ، رونا پیٹنا

کوکا : کوئل

کوکڑا : مرغا

کوکس : ُستاری ، معمار ، بڑھئی

کوکل : کوئل

کوکم : ایک خوشبو

کوکن : جنوبی ہند کا ایک علاقہ

کوکے : ایک پرندہ ، کوکیاں (جمع)

کَوَل : نوالہ

کَوَل : قول ، چوب بازی ، گہوارہ

کول : خنزیر ، بے وقوف

کولا : گیدڑ ، سیار ، کولیاں (جمع)

کولاٹیاں : قلا بازیاں

کولسے : کوئلہ ، کولسیاں (جمع)

کولاٹی : گرہ باز کبوتر ، قلا بازی

کولک :
کولگن : } کب تک

کوم : کونپل

کومک : (کُمک) ، امداد

کومل : نازک

کَوں : کبھوں

کَوَنؔ : کَون

کوں : کو ، کے لیے ، (حرفِ جار)

کوں پھل : کونپل

کولت پڑنا : کمی ہونا

کولتے : رانی کنتی کے بیٹے ، ارجن کے لیے آتا ہے

کونجی : ایک خاص وضع کا گانا

کونچہ : (کوں+چہ) ، کو ہی

کونچہ : کوچہ

کونچے کونچے : گلی گلی

کونچیاں : کوچے (جمع)

کونٹھ : کوہان

کوندن : کندن

کوند لینا : بند کر دینا

کوندنی : بند کرنا

کونڈا : ہانڈی ، برتن ، مٹی کا وہ برتن جس میں آٹا گوندھتے ہیں

کونڈی : چھوٹا کُونڈا

کونڈنا : گھونٹنا ، (جیسے بھنگ گھونٹنا)

کونڈالی : کنواں ، باؤلی ، ہر وہ چیز جو گول ہو ، حلقہ ، کھپرا ، چھلا ، ہالہ ، سانپ ، زانچہ

کونڈر : قید

کوں گی : کبھوں گی

کونلیاں : (کونلی) ، نارنگی کی ایک قسم ، خام ، کچا ، کم عمر ، جوان

کونم : کِلّا ، کونپل

کونہہ : کون

کوؤ : کبھو

کوہ : کنواں

کوہی : کبھی

کوہڑ : الّو ، بیوقوف

کوہے : کونسا

کُوئی : چھوٹا کنواں

کوئے : کنویں ، کوئی

کوے : کوّے

کویانکے کنج : غاروں کے گوشے

کویت : شعر

کویسن : جستجو کرنا

کویک : بے حد

کَویں : کہویں

کھاپ : ٹکڑا

کھاپ : تنا ، خصوصاً کیلے کے درخت کا تنا

کھات : دھوکا

کھاٹ : چارپائی

کھاٹا : ترش ، کھٹا

کھاٹ کی چادر : پلنگ کی چادر ، پلنگ پوش

کھادہ : غلہ کا گودام

کھاڈ : گڑھا

کھاروا : کشتی بان ، ملاح

کھاری : کڑوا

کھاڑ اکھاڑ : نکال دینا ، بدل دینا

کھاڑنا : کاڑھنا ، نکالنا ، شروع کرنا

کھال : تن ، چمڑی

کھالا : خالہ ، ماں کی بہن

کھان : خوراک ، رزق ، کھانا ، کان ، خوف ، ذخیرہ ، غارت گری

کھانب : کھم ، ستون

کھانبا : کھم ، ستون ، مستول

کھانپ : تنا ، خصوصاً کیلے کے درخت کا تنا

کھاندا : کاندھا ، شانہ

کھاندے : کھاندا کی جمع

کھانڈ : کھنڈ ، حصہ

کھانڈا : تلوار

کھام : کھمبے ، ستون

کھانکی : حیران

کھاون : کہلانا ، کہا جانا

کھب : پیچ ، چکر ، خم ، چناو ، چنٹ ، بالوں کی گندھی ہوئی صورت

کھبالا : چھبیلا ، چھب والا ، بانکا ، رعنا

کھبالے : پیچ و خم والے

کھبانا : فریفتہ ہونا

کھب کھب : پیچ در پیچ

کھبیا : قبر ، گور

کھپانا : نیست و نابود کرنا ، برباد کرنا

کھپر : پیالہ ، کجکول

کَھپر : ڈول ، ٹکڑا

کھپنا : تباہ ہونا ، نقصان ہونا

کھپند : گھری تاریکی

کھت : بِل ، بانبی

کِھت : کھیت

کھتر : کھٹا

کَھتر : میدانِ جنگ ، خطرہ ، صبح

کھتری : بہادر ، نیک چلن ، ہندوؤں کی ایک ذات

کھتھے : کیسے

کَھٹ : جسم

کُھٹ : کھونٹ ، کونا

کِھٹ : میل ، گندگی ، دھبا ، نشان ، داغ

کھٹ پٹ : جھگڑا

کھٹ پٹ کرنا : کوشش کرنا ، جدو جہد کرنا

کھٹ راگ : چھہ راگ ، جھنجھٹ

کھٹر موڑ : خراب

کھٹنہار : جاں فرسا ، جان لیوا

کھٹورا : ترش و شیریں ، کھٹا مٹھا ، کَھٹ مِٹھا

کھٹولی : کھاٹ ، پلنگ

کھٹول : کھٹولا ، چھوٹا پلنگ

کھٹے : جیتے ، حاصل کیا

کھجا : کھسیانا ہو کر

کِھجانا : کھسیانا کرنا ، ستانا ، شرمندہ کرنا

کھجورا : کھنکھجورا

کھجی : غم زدہ

کھچا : کچا

کھد بڑے : بھگانے گئے

کھڈک : تلوار

کھڈے : گڑھے ، سوراخ

کھرا : صحیح

کھرتل : زبوں ، سخت ، جھگڑالو

کَھرک :
کھڑک : } تلوار
کَھڑگ :

کھرجَر :
کھرجور : } کھجور

کھرک گیاں : عقل کی تلوار

کھرواٹ : گنجا

کھریرہ : گھوڑے کے بال صاف کرنے اور گرد نکالنے کا آہنی آلہ ، آہنی بُرش

کھڑا : سپر

کھڑبڑے : کھردرے ، ناہموار

کھڑتل : سخت ، خراب ، جھگڑالو

کھڑگ راؤ : تلوار کا دھنی

کھڑگ گھاؤ : تلوار کا زخم

کھڑنا : کھڑا ہونا

کھڑیا : واقع ہوا

کَھس : خارش ، کھجلی

کھساپانا : تتر بتر ہونا ، منتشر ہونا

کھساٹ : کھوسٹ

کھساٹیاں : کھوسٹ ، بڈھی عورتیں

کہستاں : کوہستان

کھسائے : سرکائے

کِھس گیا : کھسک گیا ، ہٹ گیا

کھسلنا : پھسلنا ، جگہ سے ہٹنا ، سرکنا

کھساں : کُسم ، پھول

کھسن : چادر ، کھیس

کِھسنا : کھسکنا ، ایک طرف ہو جانا ، سرک جانا ، ڈھلکنا ، ہٹنا ، آترنا ، داخل ہونا

کھکارے : کوکو (کوئل کی کوک)

کھکا مار کر ہنسنا : کھکھلا کر ہنسنا

کھکائیاں مار کر ہنسنا : قہقہہ مار کر ہنسنا

کھکش : کہکشاں

کھگل : (کاہِ گل)، بُھس ملی ہوئی مٹی جس سے مکان لیپتے ہیں

کھگل : بے جان

کُہ گن : خراب گُن

کھل : گڑھا

کھلا : معرکہ ، ہالہ

کھلاّ : حلقہ ، دائرہ ، چاند کا ہالہ

کھلا : کھلیان ، خرمن

کھلبلاٹ : کھلبلی

کھلگا : بھینسا

کھلہ : جوتا

کُھلئی : کھل گئی

کھلیا : کھلا

کھم : آسمان ، ستون

کھمارے : (خمارے) ، مخمور

کھن : کان ، خزانہ ، ایک کپڑا ، کھانا ، گھر کا ایک حصہ ، حُجرہ ، درجہ

کھن : بادل ، آسمان ، ہوا

کھنا : کہنا

کھنان : درجہ بہ درجہ

کھنبا : کھمبا ، ستون

کھنجن : ایک سیاہ چڑیا جس سے آنکھ کو تشبیہ دیتے ہیں ، ممولہ

کھنجن : سونا ، زر

کھند : کندھا

کھند : (کھنڈ) ، حصہ ، (زمین یا مکان کا)

کھندا : تلوار

کھندل : کھندلنا، روندنا

کھندل مارنا : پامال کرنا

کھندرے : ٹکڑے ، پارچے

کھنڈ : زمین یا مکان کا حصہ

کھنڈا : (کھانڈا) ، تلوار ، کھانڈے (جمع)

کِھنڈانا : گرنا ، بکھر کر ضائع ہونا ، بکھرنا، توڑنا

کھنڈرا : پرانا ، مہیب ، کھنڈر

کھنڈلاٹ : پامالی

کُھنڈلانا : پیروں تلے روندنا

کھنڈنا : گرنا ، بکھر کر ضائع ہونا ، بکھرنا ، توڑنا

کھنڈی : ایک وزن ، ایک پیمانہ ، دکن میں ۲۰ (بنگالی) من کو ایک کھنڈی کہتے ہیں ، من ، ۴۰ سیر

کھنڈیاں : کھنڈی کی جمع

کھنڈے کھنڈ : ہر طرف

کھنس : کینہ

کُھنس : پیچ ، پوشیدہ

کون کے : منزل والے

کھنگالنا : چھان مارنا

کہنہار : کہنے والا

کہنی : کہانی ، (کہنیاں جمع)

کھو : کہو

کھوانا : کہلانا

کھوایا : کہلوایا

کھوپری : مدری ، چکری ، سنکھ ، یہ چیزیں عموماً جوگی اپنے ساتھ رکھتے ہیں

کھوجرا : نام و نشان

کھورس کیا : مار ڈالا

کھورنا : بے مروتی

کھوری : کھو ، غار ، تنگ راستہ

کھوڑ : عیب ، خرابی ، خلل ، برائی ، قصور

کَھوڑ : صندل ، زعفران سے پیشانی پر جو بندی لگائی جاتی ہے

کھوڑا : بیڑی ، پاؤں کی زنجیر ، قید

کھوڑی : شریر

کھوڑیاں : کھوڑ کی جمع ، عیب ، برائی ، بیماری

کھوڑیل : عیب دار

کھوسنا : بالوں کو نوچنا

کھوکھرا : چھچھورا ، کھوکھلا ، کم عقل

کھوکھری : کھوکھلی ، خالی

کَہَول : (کَہَولی) ، ایک قسم کی مچھلی

کھول : ایک چرندہ

کہوں : کہیں

کھونٹ : کنارہ ، طرف

کھونٹ : کونہ ، کان کا میل

کھونٹی : پیر کا گٹا ، ٹخنے سے نیچے کا حصہ

کَھونٹیاں چلنا : بچوں کا دونوں زانوؤں کے بل گھسٹتے ہوئے چلنا

کھونجنا : اذیت دینا

کھونے : فلس ، مچھلی کے سفنے

کھوہاڑی : کُلہاڑی

کھیا : کہا

کھیاں : کہا ، کہی کی جمع

کھیدنا : کھوجنا ، نکالنا ، مار بھگانا ، گھیرا ڈالنا

کھیدپڑے : بھگائے گئے

کھیر : دودھ

کھیڑا : دیہات ، گاؤں ، پرانی بستی کا نشان

کھیکڑے : کیکڑے

کھیل : بازی

کھین ہونا : گھٹنا ، زائل، ہونا کم ہونا

کھیوٹ : ملاح ، ناخدا

کھیہ : گرد ، غبار ، دھول

کیے : (کائی ، کایا) ، جسم

کی : (ی معروف) ، کیوں ، کس لیے ، کیا

کے : کیوں ، کئی

کَیے : کہے ، اختیار ، کہہ

کَیا : گیا ، کہا ، (کیاں جمع مؤنث)

کیا : (کایا) ، جسم

کی ائیک : کئی ایک

کیاں : ''کی'' کی جمع

کیا واسطہ کہ : کیونکہ

کیت : } کس قدر ، کتنا
کیتا : }

کیتا : کیا

کیتک : تھوڑا ، کتنا ہی ، کتنا

کیتکی : کیوڑا ، ایک قسم کا پھول

کیتی : کتنی ، کہتی

کیتے : کتنے

کیٹ : کیڑا ، میل ، ایک قسم کا درخت

کیٹم : معمولی قالین

کھیجانا : شرمندہ کرنا

کیچہ : (کے+چہ) ، کے ہی

کید : خوشی

کیداری : نام کیدارا راگ

کیر : لکیر

کیر : ذکر ، عضو تناسل

کیرا : طوطا

کیرا : کا

کیرت : شہرت

کیرتن : تعریف ، حمد ، بھجن

کیرڑا : خوشی ، کھیل

کیرک : کرکل ، کرکرا پن ، مٹی یا پتھر کے ذرات جو کھانے کی چیزوں میں آ جاتے ہیں

کیرن : شعاع

کیرنگی : کئی رنگی

کیروشانگی : دبلی

کیری : سراسر

کیری : کی ، حرف اضافت

کیرے : کے ، حرف اضافت

کیریاں : کیری کی جمع

کیس : بال

کیساچ : کیسا ہی

کیسر : } زرد رنگ، زعفران ، شیر کی گردن
کیسری : } کے بال

کیسیں : کیسے

کیش : بندر

کیفدان : اگالدان

کیکی : پتلی

کیکی : نور

کے گا : کہے گا

کیل : لوہے کی کیل ، کانٹا ، کھونٹا

کیلاس : کوہ نقرہ ، چاندی کا پہاڑ ، ہمالہ کی ایک برف پوش چوٹی کا نام

کیلی : کنجی ، (کیلیاں ، جمع)

کیمری : انجیر

کئیں : کہیں ، کسی جگہ ، کتہیں

کینا : متاع ، دولت ، ناقص ، خام

کینا : کیسا

کینچو : کینچوا ، ایک کیڑا جو مٹی میں ہوتا ہے

کیند : طفل

کیندر : مرکز

کینکر : کیکر

کینن : کہنا ، کہنے

کینھو : کیا

کینے : کون ، کون شخص

کیو : کیے ، کرے

کیواڑا :
کیواڑاں: (کیواڑ) ، دروازہ ، دروازے

کیول : کامل ، خاص

کیوں : کیونکر

کیَوں : (کیواں) ، ستارہ

کیوں : حرف استفہام ، کیسا ، کس طرح کا ، کیوں

کئوں : کہوں

کُئی : کوئی

کئے : کہے

کئی : ایک سے زیادہ ، مثلاً کئی جنس ، کئی قسم ، کئی آدمی

کیئیں : کیسا ، کہیں

گ

گاب : حمل ، پیٹ

گابی : حاملہ

گابی : گاو زمین

گابھ : حمل ، پیٹ

گابھا : نیا پتا ، لکڑی کا گودا ، کھڑی کھیتی ، کچا اناج ، پرانی روئی ، کیلے کے پوست کا تازہ حصہ

گابوں : حاملہ (اب صرف جانوروں کے لیے مخصوص ہے)

گات : بدن ، پستان ، اندامِ نہانی

گاتر : جسم ، عضو

گاتھا : تعریف ، حمد ، گیت ، اشلوک ، قصہ

گج باج : باجا گاجا ، دھوم دھڑکا

گاجنا : بجنا ، گرجنا ، بجانا ، ہاتھی کا چنگھاڑنا ، بادل کا گرجنا ، چوبداروں کا نعرہ لگانا

گادھا :
گادھرا : گدھا

گاڈرو : سپیرا

گاڈیا : گاڑا ، دفن کیا

گار : ایک قسم کا پتھر جس کے رگڑنے سے
آگ نکلتی ہے

گار : اولا ، ژالہ

گاری : گالی

گاڑا : گاڑھا

گاڑوڑی : مداری ، بازی گر

گاڑھ : بلند کرکے

گاڑھنا : گاڑنا ، بلند کرنا

گاڑیا : (گاڑنا) گاڑا

گاگر : گھڑا

گال : گالی ، بول ، بات

گالنا : گلانا ، پگھلانا

گام : گاؤں

گانٹ : گانٹھ ، گرہ

گانٹھ دینا : گرہ لگانا

گانڈا : گنا ، نیشکر ، گانڈے (جمع)

گاوتا : گاتا

گاوری : گائے بیل کا نگراں

گاؤن : گائن ، گانے والی

گاؤنچ : (گاؤن+چ) گانے والی ہی

گایک : گانے والا

گاین : گانے والی

گبھرو : نو عمر لڑکا جس کے ڈاڑھی مونچھ نہ
نکلی ہو ، امرد

گپال : چرواہا ، کرشن جی کا لقب

گپت : پوشیدہ

گپت سوں : مخفی طور پر

گپتھار : پوشیدہ ، خفیہ

گپتی : ایک قسم کی پتلی تلوار جو عصا کے
بجائے ہاتھ میں رہتی ہے ، عصائے
شمشیر

گت : ہنر ، چال ، خاتمہ ، سرگم ، راستہ ،
حرکت ، نہج ، الاپ

گتری : قینچی

گتک : ڈنڈا ، چھڑی

گتکار : الاپنے والا

گت ہونا : معلوم ہونا

گتنت : کمی

گج : گچی ، سفیدی یا چونا جو پلاستر میں
استعمال ہوتا ہے

گج : ہاتھی

گج باگ : آنکس

گج بھار : ہاتھی کی طاقت ، ہاتھی کا بوجھ

گج پتی : فیلبان ، راجہ ، بادشاہ

گج دلاں : ہاتھیوں کی فوج

گج دنت : ہاتھی دانت

گج گج : بھرا ، پرا ، آباد

گد : گودا

گدری : گدڑی

گدڑا : گدھا

گِدڑے : گیدڑ

گندگردا : گاڑھا

گدگڑا : گدلا ، مٹی ملا ہوا

گُدگای : گُد گُدی

گدلا : میلا ، ناراض ، بدلا ہوا

گدھڑا : گدھا

گڈ : }
گڈھ : } قلعہ ، گڑھی ، مکان ، خراب ، غصہ

گڈھا : گڑھا

گُر : گرو ، راہ نما

گِر : }
گِری : } پہاڑ

گراس : نوالہ ، لقمہ

گراہک : گاہک ، خریدار

گرب : غرور ، گھمنڈ

گربھہ : گابھہ ، پیٹ ، شکم ، بیچ ، درمیان ، حمل

گرجنا : بادلوں کی آواز

گِرَدر : پہاڑ

گِردلے : گول تکئے

گَرڈ : ایک جانور جو ہندو دیو مالا کے مطابق وشنو کی سواری میں تھا

گرڈنا : گاڑنا

گُرگیان : گرو کا گیان ، پیر و مرشد کا علم

گرم کرنا : تیز کرنا ، دوڑانا

گرنتھ : کتاب ، گرو نانک کی لکھی ہوئی مقدس کتاب

گُرو : استاد

گِروا : قابلِ عزت

گروا : گراں ، محترم ، برد بار ، حلیم

گِرَور : بڑا پہاڑ

گُرونجی : گرو جی ، استاد

گِرہ : مصیبت ، سیارہ ، بدی ، (نوگرہ نو سیارے)

گِری : پہاڑ

گَڑ : گڑھ ، گڑھی ، قلعہ

گُڑ : بوسہ

گُڑارت : گہری معنویت ، گہرے معنی

گَڑ بڑ ہونا : ہم بستر ہونا

گُڑ دینا : بوسہ دینا

گڑکیاں : محل ، گھر

گڑگا : پاجامہ

گڑگڑانا : گرجنا ، لرزنا

گڑگڑے : (گڑگڑاہٹ) ، گڑگڑانے ، گرجے

گڑگیاں : (جمع) ، گھٹنے ، پاجامے

گُڑ منگنا : بوسہ مانگنا

گڑنا : گھڑنا ، بنانا

گڑوا : لوٹا

گڑوا : بہادر ، گراں ڈیل

گڑھ : قلعہ

گڑی : گڑھی ، خندق ، تالاب

گڑی : چیتھڑا

گزی : ایک قسم کا کم قیمت سوتی کپڑا ، گاڑھا

گُسائی : } بزرگ ، مالک ، حضور ،
گسائیں : } صاحب ، جوگی

گـگریا : گگری

گگن : آسمان ، آکاش ، فضا ، خلا

گل : مچھلی پکڑنے کا کانٹا

گل : گلا ، گردن ، بات چیت

گـَلا : آواز

ِگلا : ِگیلا ، گارا

گـُلال : لال سفوف جو ہولی میں چہرے پر ملا جاتا ہے

گـُلالا : پھول کا زیرہ ، گلالاں (جمع)

گلالاں : لالی

گلالنا : گلانا

گـُلاں : گل کی جمع ، پھول

گـُلانا : گھولنا ، گھلانا

گلانا : کم کرنا ، مثلاً نسدن گلانا ، یعنی رات دن کم کرنا

ِگلاوا : } گلابہ ، گارا ، (کیچڑ ، مٹی) ،
ِگلاوہ : } استر کاری

گلب : ہاتھی کا بچہ

گلبد : پھول جیسا بدن

گـُلبری : پھول

گلبھ : ہاتھی کا بچہ

گل پڑنا : گر پڑنا ، پگھلنا

گل پھاڑ : گلا پھاڑنے والا

گلجوڑ : گلے مل کر

گلِسری : گلے میں پہننے کا زیور ، ہار

گـُلشکر : گـُل شکر ، گلقند

گل صد برگ : گیندے کا پھول

گـُلگـُلی : گداز ، نرم

گـُل لال : لالہ کا پھول

گـَلمیں : گـَلے میں

گلنا : گر پڑنا ، پگھلنا

گـُلنار : انار کا پھول ، انار کا سا رنگ

ِگلاوا : (گل + آبہ) گارا ، وہ مٹی جس سے ُچنائی یا ِلپائی کی جاتی ہے

گل واڑی : پھول باڑی

گـَلـَتوَٹ : آنسو ، اشک

گـَلہار : گلے کا ہار

گلہار کرنا : گلے میں ہار ڈالنا

گلی : گـُلی ، سرخ مرجان

گـَلیا : نرم دل

گلیاں : گل کی جمع ، پھول

گلے سوں پڑنا : گانا ، ترنم سے پڑھنا

گلیں : گلے

گـَم : راستہ ، مجامعت

گمان : غرور

گمانا : رِجھانا

گمانا : وقت گزارنا ، دل بہلانا ، بسر کرنا

گمانی : مغرور

گماویں : صرف کریں ، ضائع کریں ، کام میں لائیں

گمایا : خوش ہوا

گمبھیر : گہرا ، بھاری ، سنجیدہ

گشمت : } تفریح ، شغل ، ہنسی ، کھیل کود ، لطف ، مزہ ، عیش و عشرت ، مجلس ، راستہ ، تماشا ، کھیل
گمت :

گمتے : گزارتے

گمٹ : گنبد

گمن : جانا

گمنا : خوش ہونا ، ریجھنا

گمنا : بسر کرنا ، وقت گزارنا

گمو : بسر کرو

گمھانا : لبھانا ، بہلانا ، پُھسلانا

گمی : بیت گئی

گُن : خصلت ، عادت ، وضع ، خوبی

گنا : منانا ، جشن کرنا

گُنا : مرتبہ ، جیسے دو گُنا = دو مرتبہ

گُن اوگن : نیکی بدی

گن بھری : ہنر مند ، با سلیقہ

گنبھیر : سنجیدہ ، گہرا

گنبھیری : گہرائی ، بھاری بھرکم پن

گُن پت : اچھی صفات والی

گن پتی : گنیش جی کا نام

گن ُپن : ُسن گُن

ِگنت : شمار ، عدد ، گنتی

گنتو : مسافر

گنتی میں پڑنا : قریب المرگ ہونا ، ''در شمار افتادن'' کا ترجمہ ہے

گُنٹا : چشمہ (پانی کا)

گُنج : گھنگچی ، رتّی

گنج پھل : گھنگچی ، رتّی ، ُسرخ دانہ جسے سونار وزن کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں

گنجی : پیچ ، شکر قند

گند : گندہ

گندا : ناچیز ، حقیر

گندہ : ُبو ، جیسے کپڑ گندہ یعنی کپڑا جلنے کی ُبو

گُندیا : گُوندھا

گنڈ : ہاتھی

گنڈا : رخسار

گنڈک : گانڈو

گن کی سمدور : خوبیوں کا سمندر ، دریائے خوبی

گنگ : دریائے گنگا ، صرف ''دریا'' کے لیے بھی آیا ہے

گنگ دھک : گندھک

گُن گیان : علم و فضل

گُن ندہ : ہنر مند ، صاحبِ علم و فضل

گُن ندھان : صاحبِ اوصاف ، بہت ہنر مند

گنوارہ : جاہل ، بے وقوف ، گنوار

گنوارہ : گہوارا ، پالنا

گنوارے : گہوارا کی جمع

گنوایا : کھویا

گنونت :
گنونتا :
گنوان :
گُنی : } ہنر والا یا ہنر والی ، گن والا/والی

گُنیجن (گُنی جن) : قوال ، کنایتہً عارف ، سمجھدار لوگ، ذی علم

گُنی لوگ : ہنر مند ، اہلِ فن

گُو : فضلہ ، پاخانہ

گوا : گائے ، بیل

گوال : گنوار ، ڈنگر ، گوالا

گوانا : گنوانا ، کھونا

گوبند : بیگوان

گوپال : کرشن بھگوان

گوپت : (گُپت) پوشیدہ ، چھپا ہوا

گوپھن : ایک قسم کی غلیل ، منجنیق

گوپی : سہیلی ، گوالن ، کرشن جی کی محبوبہ ، گوپیاں (جمع) ، اپسرائیں

گوت : خاندان ، نسل

گوت : سگاوت ، قبیلہ

گوتنا : گتھ جانا ، الجھ جانا

گوٹ : چوڑی

گوٹال : فریب

گوٹھان : زیور

گوٹھن : گھٹنا ، زانو

گودال : گنوار ، ڈنگر

گدری :
گودڑا : } گدڑی ، پیوند لگا ہوا لباس
گودڑی :

گوڈ : پاؤں ، ٹانگ ، گھٹنا

گور : قبر ، گورے رنگ کا ، آٹھ ماتروں کا وقفہ

گور منڈان : قوسِ قزح ، دھنک

گورو : (گو+روپ) سینگ والے جانور ، جانور، گُرو

گور ورن : گوری رنگت

گوڑ : گڑ

گیوڑ : قلعہ ، گڑھ ، گوڑا

گوڑ : (۱) بنگال کا وسطی حصہ ، بنگال کا ایک قدیم شہر ، جو اس کا دارالسلطنت بھی تھا ، بنگال کے پوربی حصہ میں بسنے والے برہمنوں کی ایک ذات (۲) پاؤں ، پیر

گوڑ منڈان : قوسِ قزح ، دھنک

گوڑھ : گہرا ، مخفی

گوز : بارہ سنگھا

گوسفند : برجِ حمل ، مینڈھا

گوش کرنا : سننا

گوشہ پکڑنا : گوشہ گیری

گوکل : گوالوں کا آستھان ، متھرا

گوگی : نام شہر کا

گول : احمق

گُوم : گھوم

گوم : کھنکھجورا

گوسید : ایک قیمتی پتھر جو سرخی مائل زرد رنگ کا ہوتا ہے

گون : جانا ، مرنا ، گمن ، گزرنا ، چلنا

گَون^ : کوچہ ، سایہ دار جگہ جہاں بیل باندھے جاتے ہیں

گون^ : اناج ڈالنے کی بوری ، مددگار ، بزرگ

گون پال : گوپال ، کرشن جی کا لقب

گوندنا : سوچنا

گونڈ : جنگل

گونڈ وانہ : ہندوستان کے اس علاقے کا نام جہاں گونڈ قوم رہتی ہے

گونگلو : شلجم ، ایک ترکاری

گوہار : چکتر

گوی : شیر کے رہنے کی جگہ

گھابرا :
گھابرے : گھبرایا ہوا ، سراسیمہ ، حیران
گھابری :

گھات : نقصان ، داؤ ، تاک ، بربادی ، تباہی ہلاکت ، فریب ، مار ڈالنا ، برباد کر دینا

گھات کرنا : دھوکا دینا ، داؤں کرنا

گھاتکی : گھات کرنے والا ، نقصان رساں

گھاٹ : طریقہ ، پہاڑی ، وضع ، ساخت ، شکل

گھار : تھال ، برتن

گھاگ : تجربہ کار ، خرّانٹ

گھال : ڈال ، چھوڑ ، ڈال کر ، پات

گھالنا : ڈالنا ، بکھیرنا ، تباہ و برباد کرنا

گھالیا : ڈالا

گھالے : ڈالے ، پھیلائے

گھالیں : ڈالیں ، رکھیں

گھام : دھوپ ، گرمی ، گرمی دانے

گھان : نکالنا

گھانٹی : گھاٹی (پہاڑ کی) ، گھنٹی

گھانگرا گھول : لہولہان ، تتر بتر ، الٹ پلٹ ، گڑ بڑ سر بڑ

گھانی : کولھو

گھانے : گہنے ، زیور

گھاؤ : زخم

گھت : مضبوط

گھت کرنا : دل لگی کرنا ، تماشا کرنا

گھٹ : کم ، کم تر ، کم درجہ کا ، جسم ، کالبد ، دل ، مضبوط ، قوی ، لکڑی چننا ، گھڑا ، چھل فریب

گھٹ : گھونٹ

گھٹ گھاٹ : دریا کا کنارہ

گھٹنات : فکر ، اندیشہ

گھٹ ہونا : پکا ہونا ، محکم ہونا ، طے ہونا

گھسرا : بدن کی کھال کا رگڑا جانا یا چھل جانا

گھرتکیاں : (گھڑت کیاں)، جڑاؤ ، گھڑی ہوئی

گھرگھالو : تباہ کرنے والا

گھرگھالی : تباہ کرنے والی

گھروا : مکان

گھروس : گھسیڑ کر

گھروسنا : گھسیڑنا

گُھرے : مانگے ، چاہے

گھرے گھر : گھر گھر

گھڑ : جھنڈ

گھڑوا : گھڑا ، صراحی ، آفتابہ

گھڑولا : صراحی

گھڑوی : گھڑی ہوئی

گھڑی : وقت ، پل ، ۲۴ منٹ کا وقفہ ، ایک گھنٹہ کا ۲/۵ حصہ

گھڑے : بنائے ، پڑے کے معنی میں بھی استعمال ہوا ہے

گھڑیالی : گھڑیال بجانے والا

گھڑی کرنا : لپیٹنا ، تہہ کرنا

گھڑی کھولنا : نئے کپڑے کی تہوں کو کھولنا ، کسی چیز کے نئے پن کو خراب کرنا

گھسڑا : رگڑا ، گھِستا

گھسڑا : رگڑ ، بدن کی کھال کا رگڑا جانا ، یا چھل جانا

گھکنا : تیز آواز سے بولنا

گھلا کر : (گھالنا) جُل دے کر ، پُھسلا کر

گہم : آسمان

گھمسام : لڑائی ، گھمسان

گِھن : کافور

گَھن : گنجان جنگل ، لوہے کی چیز ، بادل ، آسمان ، بڑا ہتھوڑا

گھنا : بڑا ، زبردست

گھنا گھس : گھنا ، دشمنی ، کٹی

گھنالے : گَھنے ، گھونگھر والے

گھناں : گھنا ، بہت

گھنائے : بڑھائے ، زیادہ کرے

گھنبارا : تھان ، مویشیوں کے باندھنے کی جگہ

گھن بن : چرچا

گھنبیر : صاحبِ مروت ، سنجیدہ

گھنٹ : گھٹ ، دل ، گھنٹہ

گھنڈی پڑنا : گلا آنا

گھنس : گھاس ، راز

ِگون سار : کافور

گھنسن : گھاس ، راز

گھنگچی : رتی ، لال دانہ جسے سونار وزن کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں

گھنگر وال : گھنگریالے

گھنگڑی : گُدڑی ، موٹا ، جھوٹا کپڑا

گھنگھٹ : گھونگٹ

گھن گون : کسی چیز کے گھومنے یا چکر کاٹنے کی آواز

گِھنور : جس سے گِھن آئے

گھنی : بہت، زیادہ

گنھیرا : گھنا ، بہت ، بھاری ، گھٹا ٹوپ

گھوا : کیچوا، اس قسم کے دوسرے کیڑوں کو بھی کہتے ہیں ، پانی کے غلیظ کیڑے

گھوارا : جھولا ، گہوارہ

گھور : کوڑا کرکٹ ، کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ

گھور : گرج (بادلوں کی)

گھوڑ : کیلوں کا گُچھا ، گَیل ، گَود

گھوڑ : کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ، گھورا

گھوڑ پر گونہراں رولنا : گھڑے پر موتی رولنا، فضول اور بے حاصل کام کرنا

گھوڑنا : گھونٹنا ، سختی سے دبانا ، گلا دبا دینا

گھوک اندھارا : گھپ اندھیرا

گھول : ملا دے ، گھولنا کا فعل امر

گھوں : وقت

گھونگڑی : گدڑی ، کمبل

گھیرا گہالنا : گھیرا ڈالنا

گھیری کھانا : چکرانا ، گھومنا

گھیسو : بالو

گھیگانا : گھگھیانا ، عاجزی و خوشامد کرنا

گھینوالی : گیہوں کے رنگ کی ، گندمی رنگ کی

گھیو : گھی

گھیو دود : گھی اور دودھ

گئی کال : گزرا ہوا کل

گی : گئی

گے : ارے یا اے ، دکن میں آج بھی عورتیں مخاطب کرنے کے لیے بولتی ہیں

گیارنہ : (گیاراں) ، گیارہ (۱۱)

گیان : بوجھ ، دانش ، معرفتِ الٰہی

گیان ونتا : } عقل والا ، عقلمند

گیانونتھی : } گیان ونتی

گیانی : عارف ، عقلمند

گیران پکڑنا : گرہن لگنا

گیگلی : نادان

گیہان : دُنیا

گینڈ : ہاتھی

گینھا : گہنا

ل

لاب : فائدہ ، نفع ، ملنا ، پانا

لابُد : ضروری ، ناگزیر

لابھ : فائدہ ، نفع

لات کرنا : گھوڑے کو ایڑ لگانا

لاٹ : توشک ، کپڑا ، پُرانا ، لٹ ، زُلف ، مجموعہ کسی چیز کا

لاٹنا : ذلیل کرنا

لاٹھی : ڈھیر

لاج : شرم ، عزت

لاج کر : شرمندگی سے

لاجنا : شرمانا

لاجو : شرمندہ

لاجونتی : شرم والی عورت ، چھوئی موئی کا درخت

لاجہ وردی : لاجوردی ، نیلا

لاجے : شرمائے

لاڈلی : دل ربا ، چنچل ، پیاری

لار : لڑی ، صف ، راستہ

لاڑ : لاڈ ، پیار ، دلار

لاڑ پالنا : ناز اُٹھانا

لاڑلی : لاڈلی ، پیاری

لاڑی : لاڈ

لاک : لاکھ ، ایک لاکھ

لاکڑی : لکڑی

لاکھاں : لاکھوں

لاکے : لاگے

لاگ : عشق ، محبت ، دشمنی ، کوشش ، لگاؤ ، راستہ ، لگ ، تک

لاگا : لگا

لاگنا : لگنا

لاگیا : لگا

لال : لعل ، پیارا ، عزیز ، سُرخ ، دوست محبوب ، گونگا

لالاں : لعل ، عاشق

لالک : سرخی ، لالی

لالَن : معشوق ، محبوب

لالنا : پیار کرنا ، محبت سے پالنا

لانا : لگانا

لانپ جھانپ : اختلاط ، میل کھانا ، جُفتی کھانا ، مجامعت

لانچ : } رشوت
لانچ : }

لاندک : بھیڑیا ، گھاگ

لانڈکا : بھیڑیا

لانگ : لونگ

لانگھن : فاقہ کرنا ، پرہیز کرنا ، بھوکے رہنا

لاؤ : لائے ، لایا

لاوک : خمیر اٹھانے کا کونڈا ، لگاوٹ ، چسکا، لپکا

لاؤنا : لگانا ، لانا

لاوے : لگاوے

لاہ : } فائدہ
لاہی : }

لائی : لگائی

لباڑی : (لپاڑی) ، جھوٹا، فسادی ، گپّی

لباس بھرانا : بھیس بدلنا ، جھوٹے ، نقلی

لبد : ہونٹ ، لب

لبدا : فریفتہ

لبدا رکھنا : فریفتہ کرنا

لبدانا : فریفتہ کرنا

لبدائی : فریفتہ و شیدا کیا، کھینچا ، مائل ہوا، فریفتگی

لبدنا : فریفتہ ہونا ، مائل ہونا

لبن : دودھ

لبھانا : سمجھانا

لپت : لپٹا ہوا

لپٹاں : لپیٹ

لت : لات

لتّا : کپڑا

لِتاڑنا : لات مارنا ، دکھ دینا ، ستانا ، تکلیف دینا

لت پت : لوٹ پوٹ ، الجھا ہوا ، الجھن ، تر بتر

لُتّر : خون

لَٹ : } زلف ، بالوں کی لٹ ، لٹاں (جمع)
لَٹا : }

لُٹاری : لٹیرا

لَٹ پَٹ : تربتر ، الجھا ہوا

لُٹ پٹ : لپٹنا

لٹ پٹا : البیلا ، رنگیلا ، کج ادا

لٹ پٹانا : لپٹنا ، لپٹانا

لٹ پٹ ہونا : ہم آغوش ہونا

لٹک : لچک ، جسم کی دلکش حرکت ، ادا ، دھج

لٹکا : جادو

لٹکت : ناز سے

لٹک چلنا : ادا سے چلنا ، جھوم کر چلنا ، جھوم جھوم کر چلنا

لٹکے تے : } ناز و انداز سے
لٹکے سے : }

لٹک کر چلنا : دیکھیے، لٹک چلنا

لٹنا : کمزور کر دینا

لَج : لاج ، شرم

لجّ : بھنور

لِجا : لے جا ، لے جائیں

لَجا : شرم

لَجات ہے : شرماتی ہے

لِجاتی : لے جاتی

لجا کر : لے جاکر

لجاگی : لے جائے گی

لجاگے : لے جائیں گے

لجان : شرمندہ

لجانا : شرمانا ، شرمائے جانا

لجالو : چھوئی موئی ، شرمیلی

لجایا : لے گیا

لجنا : شرمانا

لجّہ : بھنور

لچکا : لذت ، چسکا ، چاشنی ، چھوٹی کشتی

لچھمی : لکشمی دیوی

لچھن : گن ، علامت ، نشانی

لحف کرنا : لحاف بنانا

لخ : لقا (کبوتر)

لر : ہنر

لَڑ : لڑی ، قطار

لڑاکی : لڑاکا عورت

لُڑکنا : گر پڑنا ، لڑھکنا

لڑ لینا : کاٹ لینا

لڑنا : کسی زہریلے جانور کا کاٹنا ، ڈسنا ، ڈنک مارنا

لُڑنا : لوٹنا ، لڑھکنا

لِڑنا : لوٹنا

لڑوں گاچ : (لڑوں گا+چ) ، لڑوں گا ہی

لَڑے : لَڑ (عقد) ، ٹکرائے ، ڈسے

لَڑیا : لڑا ، ڈسا

لڑیاچ : لڑاہی ، (چ تاکیدی "ہی" کے معنی میں آتی ہے)

لسڑی : رسّی

لسلساتا : سرسبز ، تر و تازہ

لطیفا : لطیفہ

لغام : لگام

لفظاں : "لفظ" کی جمع

لِقا : چہرہ

لک : خواہش ، چاہ ، چاؤ ، لیک ، لیکن، مگر، یک لخت ، چمک

لک : لاکھ

لِک : لِکھ

لک : تک

لکاوے : دکھائی دے، چھپائے

لکت : (لکد) ، لات ، سرخ

لکڑ : لکڑ بھگا

لکشمی : وشنو جی کی بیوی جو سمندر منتھن سے برآمد ہوئی تھیں

لک لک : کئی لاکھ ، لق لق ، ایک آبی پرندہ

لکلکانا : چمکنا دمکنا

لُکن : چھپا ہوا ، چھپنے کی جگہ

لُکنا : چھپنا

لکنا : للچانا

لِکنا : لکھنا

لکّوں : تک

لکھاں : } لاکھوں
لکھا کھوں : }

لکھ بارا : لاکھ بار

لِکھت : لکھائی

لکھ لکھا : چمک دار

لِکھن : لکھا ہوا ، تحریر

لکھّن : اطوار ، عادت ، رونق

لکھنی : لکھتی

لکھند : قلا بازی

لِکھنہار : } لکھنے والا
لکھنہارا : }

لکھنہاریاں : لکھنے والے ، خطّاط

لکھوٹا : تحریر ، خط

لکھوٹی : لاکھ

لِکھیا : لکھا

لِکیاں : لِکھیاں

لگ : تک ، تلک

لگا لگ : متواتر ، مسلسل

لُگائی : عورت

لگت : جلد

لگ لگ : لق لق ، ایک آبی پرندہ

لگن : طشت ، ایک قسم کا برتن

لگن : وقت، ساعتِ سعید ، دُھن ، لو ، لاگ، تک

لگنا : نظر آنا ، معلوم ہونا

لگو : تک

لگوال : لگانے والا ، لپٹی ہوئی

لگوں : تک

لگیا : لگا

لگیاں : لگیں کی جمع

لاٹ : پیشانی ، ماتھا

للچنا : للچانا

لسّلو پتّو : چکنی چپڑی میٹھی باتیں

لمتڑانگ : لمبا ، لمبو

لنبا : لمبا

لنبائی : لمبی عورت

لُنجا : ہاتھ پاؤں سے معذور

لُنڈا : دُم کٹا

لنڈک : کنڈ ، قضیب ، عضوِ تناسل

لنڈلی منڈلی : لنڈ منڈ کی تانیث ، کنایتہً مفلس ، بے سر و سامان

لنڈورا : بغیر دُم کے ، بے کس ، بے یار مدد گار

لنک : کمر

لنگ : محبت ، لگن ، پیار ، دلی تعلق

لِنگ : علامت ، عضو تناسل، شیو کی علامت ، نیزہ ، لنگایت قوم جو لِنگ کی پوجا کرتی ہے

لنگار : زنجیر

لنگ بھجو : لنگایت قوم کا فرد

لنمبان : لمبان ، لمبائی

لوا : نہر

لوب : پیار

لوبھ : لالچ ، ہوس ، دَیا ، مہربانی کے معنی میں بھی آتا ہے

لوبھائی : لبھائی ، مائل کیا

لوبھیا : لوبھی، لالچی

لوپ : چھپا ہوا ، چھپا کر

لوپ جانا : چھپ جانا

لوپ گیا : چھپ گیا

لوتھ : لاش

لوٹن : کبوتر کی ایک قسم

لوچ : تکلیف ، رنج

لوچ : حلق سے اتارنا ، نگلنا

لوچ کر : دیکھ کر

لوچن : آنکھ

لوچنا : چمکانا ، زیب دینا

لوڑ : خوشی ، چاہت ، ضرورت

لوڑ بالشت : گاؤ تکیہ

لوڑنا : لینا ، پکڑنا ، ضرورت ہونا ، چاہنا ، طلب کرنا ، خواہش کرنا

لوڑوں : چاہوں

لوڑے : چاہے، خواہش کرے

لوزہ : دریائی کشتی

لوک : لوگ ، لوکاں (جمع)

لوک : آگ کی لپٹ

لوک : دُنیا ، عالم ، مخلوق

لوکا : آنچ ، شعلہ ، لپٹ ، لَو

لوکنا : دیکھنا

لول : آنسو

لُولا : لنگڑا

لَولانا : لَو لگانا ، دل لگانا

لُولی : رقاصہ ، [لولیاں ، لولنیاں (جمع)]

لوم : لومڑی

لون : رنگ ، رونق ، نمک

لونڈو پیٹی : لونڈوں کو پٹانے والی

لونگڑی : لومڑی

لوہ : }
لَوہ : } لوہا

لوہال : لوہار

لوہو : (لہو) ، خون

لُولہوں : اپاہج ، لُنجا ، معذور

لہ : بہت

لھار : لہر

لھان : لعن ، لعنت

لہنا : نفع ، فائدہ ، حاصل ، تقدیر ، قسمت

لَہُو : چار ماتراؤں کا وقفہ

لھنو : گھونٹ پینا

لھو : خون

لھوا : لوہا ، تلوار

لھوالڑنا : تلوار چلانا ، تلوار چلنا

لھوالے : تلوار والے ، شمشیر زن

لھورا : لوہا ، فولاد

لھوں سوں : لہو سے

لھوکوں جل کرنا : خون کو پانی کرنا

لھوے : تیغ ، تلوار

لھویکے : لوہے

لھے : قسمت

لئی :
لئے : } زیادہ ، بہت زیادہ

لیا : (لے آ) ، لا

لیات : لاتے ، لاتا ہے

لیاق : لائق

لیاکو : لا کر

لیانا : لانا

لیانہار : لانے والا

لیایا : لایا ، لیایاں (جمع)

لیائے : لائے

لیت : لیتے ہیں ، لیتا ہے

لیجئے : لیا جائے

لیس : چکاہٹ ، چپچپاہٹ

لیس : زر ، مکمل ، تیار ، ملبوس

لیس : درد

لیساں : لیس کی جمع ، چوڑا لچکا

لیسی : لے گا

لیف : بوریا بستر

لِیک : لکھ

لِیک : } راستہ ، طریق، پگڈنڈی ، عیب ، داغ ،
لِیکا : } لکیر

لِیکھ : لکیر ، لکھنا ، تحریر ، کتاب، خط ، مسودہ ، حساب ، قسمت

لیکھت : (لکھت) ، لکھنا ، دیکھنا

لیکھن : قلم

لیکھنا : لوکنا ، دیکھنا ، لکھنا

لیکھے : دیکھے ، لکھا

لیکھیا : لکھا ، شمار کیا

لیلم : نیلم

لی مان : بہت

لیوں : لوں

لیوے سک : لے سکتا ہے

لیونیں : لینے

لیہ : لے ، لیتا ہے

م

ماپڈی : بیاہی ہوئی عورت ، شوہر والی

ماپنا : ناپنا

ماتا : شیدا ، مست ، مدہوش ، ماں

ماتنگ : ہاتھی ، ہتھنی

ماتھے چڑھانا : بسر و چشم قبول کرنا

ماتے :
ماتی : } مست ، مخمور ، شیدا

ماٹ : بڑا مٹکا ، برتن

ماٹی : مٹی ، خاک

ماجنی : سگی بہن

مانپنا : ناپنا

مانج : درمیان ، مانجھ کر

مانجار : بِلّی

مانجھ : درمیان

مانجھر : مرغے کی کلغی

مانچ : درمیان ، میں ہی

ماحی : محو کرنے والا ، مٹانے والا

ماد : گھمنڈ

مادوا : مادہ ، عورت

مادواں : گھوڑی

مادہی : مادہ

ماڈھی : محل ، اونچا مکان

مار : (ماڑ ، ماڈ) ، ایک درخت

مارت گیا : مارا گیا

مار سلانا : جان سے مار ڈالنا

مارک : راستہ

مارکا : معرکہ ، لڑائی ، مقابلہ

مار کھپانا : شہید کرنا ، قتل کرنا

مارگ : راستہ

مارگ مار : لٹیرا ، راہزن

مارنا : جیتنا ، سمانا

ماڑی : دو منزلہ مکان ، بلند عمارت

ماڑیاں : ''ماڑی'' کی جمع

ماس : مہینہ ، گوشت

ماسک : مہینہ

ماشواں : ایک قسم کا پارچہ

ماف : معاف

ماکھی : مکھی ، شہد

ماگ : مارگ ، راستہ ، سر ، نور ، طرف

مال : باغ ، جنگل ، مالا ، زمین ، بغض ، ہار

مالا : گھونسلہ ، چھوٹا گھر

مال گل : گلے کی مالا ، گلے کا ہار

مال مَن : جوہرات کی مالا

مالے : ماڑی ، بالا خانہ ، (مالا کی جمع)

مالا : معاملہ

ماں : میں ، اندر

مان : مرتبہ ، عزت ، آبرو ، دبدبہ ، بھرا ہوا

مانا : معنی ، سمایا ، مانند

مانجھر : مچھر

ماندا : تھکا ہوا ، مضمحل اور بیمار

مانڈنا : سجانا ، جمانا ، ملانا ، قائم کرنا ، انجام دینا ، پھیلانا ، باندھنا ، کرنا ، آنا

مانڈے : چپاتیاں ، بڑی چپاتی

مانس : گوشت

مانک : لعل ، موتی

ماننا : ("مان" کا مصدر) ، عزت دینا

مانوس : (مُنش) ، آدمی

مانہ : (تلفظ "ماں") ، میں ، اندر

ماںھ : } میں ، اندر ، درمیان
مَنْہ :

مانے : معنے

ماولی : ماں

ماؤ : خوشی ، نکتہ ، راز ، معنی ، ساتھ

ماوے : سماوے

ماھکارن : مقامِ لاہوت

ماہ و سالاں : ماہ و سال

ماہیں : میں ہی

مایہ : دولت ، محبت

مائی : } دولت ، محبت ، ماں
مائے :

مایا : مسئلہ

مایا : فریب ، دھوکا ، وہم

مائیں : سمائیں

مبالغہ : زور دینا ، اصرار کرنا ، بڑھا چڑھا کر بات کرنا

مبرہن : ظاہر

مبہوت : دیوانہ ، رائیگاں

مت : (متھ) ، اشارہ ہے ، ہندو دیو مالا کی طرف جس میں سمندر کو متھ (بلو) کر رتن نکالے گئے تھے ؛ شاید ، احتمال ، راز ، رمز ، عقل دماغ ، ذات ، جماعت ، مذہب ، عقیدہ مسرت ، مغرور ، بات

مِت : مِتر ، دوست

مَتا : متاع ، مجال ، مست

مُتارا : } ڈنڈا ، سونٹا ، ہاون کا دستہ
متاری :

متامتے : مشورہ کیا

متر : منتر

مِتنا : مشورہ کرنا

متنگ : مست

متنگ : ہاتھی

متوال : متوالا

متھنا : بلونا

متی : مست ، مستی ، مدہوش

مَتیا : مست

مَٹھ : خانقاہ

مِٹھا : میٹھا

مٹھار : مٹھ ، خانقاہ

مٹھائی : مٹھاس ، شیرینی

مٹھڑا : میٹھا

مٹھ شیوا : شیوا کا مٹھ

مٹھی : میٹھی

مُٹے : موٹا ، موٹے

مٹی کی ماٹ : آبدان

مثال : تصویر

مثلا :
مثلہ : } مثل ، ضرب المثل

مَج : ہڈی کے اندر کا گودا

مُج : مجھ ، مجھے ، مرا ، اپنا ، مجھ پر

مج : ایک خاص قسم کی گھاس جس سے جنیو بنایا جاتا ہے

مجرا : سلام

مُجْمَر^ : انگیٹھی ، عود دان

مجوسی : بُت پرست

مَجھتا :
مجَھا : } پلنگ ، کھاٹ ، چارپائی

مجھار :
مجھار : } بیچ ، درمیان

مُجھے : (منج) ، تخت

مُجھ زباں : میری زبان

مجے : مجھے

مجی کو : مُجھ ہی کو

مَچ : مچھلی

مچمچاتی : بھرپور

مچمچانا : مستی کے جوش میں آنا ، گرمانا ، پورا ہونا ، بھرپور ہونا

مچھ : مچھلی ، مچلیاں (جمع)

مچھ : مگر مچھ ، بڑی مچھلی

مچھارا : مچھیرا

مچھر : مچّھر

مچھکڑ : گھنی اور سخت مونچھیں

مچھندر : تندرست و توانا

مچھوا : مچھیرا ، ماہی گیر

مچھی : مچھلی

محاسن : داڑھی

محافیاں : پالکی ، روشنی کے کنول

محل باندھنا : گھر بنانا

محنت : تکلیف ، پریشانی ، آزمائش

مختول : بسمل ، مقتول

مخزی : (مغزی)، گوٹ ، حاشیہ

مخمول : گمنام

مد : شراب ، نشہ ، غرور ، پون سیر ، پاکر ، شہد ، مستی ، محبت

مدا :
مُتدا : } مدعا

مدارا : مدارت ، تواضع

مَدَت^ : مدد

مدخانہ : شراب خانہ

مُیدر : بادل

مُدرا : حلقہ ، بالا

مُدرا : علامت ، نشان ، عرق

مَدرا : شراب ، عرق

مُدرا : روپیہ ، اشرفی ، انگوٹھی ، کانوں کے بُندے

مدرے : جوگیوں کے کان کے آویزے

مدری : نام مقام

مدکل : ہاتھی

مدماتا : عشق میں مگن

مدماتی :
مدمتی : } مخمور ، مسحور

مدن : کام دیوتا ، مست ، شری کرشن جی ، جوانی ، عشق کا دیوتا

مدن : محبوب

مدنایک : سردار

مدن بان : مدن مست ، ایک پھول

مدن بھوپال : شاہِ عشق

مدن پورن : کام دیو ، عشق

مدن روپ : محبوب

مدن ماتی : محبت کی دیوانی

مدن مد : جوانی کی مستی

مدھ : میانہ ، درمیانی ، وسطی

مُدھُر : میٹھا ، خوبصورت جو سننے میں اچھا لگے ، متوالے ، مست کرنے والے

مَدُھرا : اچھی عورت ، سونف

مدھری : میٹھی ، رسیلی

مدھکر : مدھوکر ، بھنورا ، شہد کی مکھی

مدھ ماکھ : شہد

مدھوتہ : موم ، شہد

مدھوترن : گنا

مڈان : (مُنڈاں) ، گھیر ، وسعت ، پھیلاؤ

مڈھ : گنبد

مراء تین : دو آئینے

مرادات : مرادیں ، مُراد کی جمع

مرتبا : مرتبہ

مُرتھا : جھوٹ ، جھوٹا

مرتیہ : آدمی ، دنیا

مُرج : مِردنگ ، پکھاوج

مرجاد : حد

مُرجائے : مرجھائے

مرجھن : پژمردہ

مرجیا : ڈبکی لگانے والا ، غوطہ خور ، غوّاص

مُرچنگ : ایک طرح کا باجا

مرچھن : بے ہوش

مَردانگ : ڈھول ، مندل

مرمی : مرے گا

مرغولنا چہچہانا

مُرک : جسم ، ہوا

مُترک : مورکھ ، احمق ، جاہل ، بے وقوف

مرکٹ : بندر

مُرکوں : (مورکھوں) ، بے وقوف

مُرکی : کانوں کی لَو میں پہننے کی پھول دار کیل

مرگ : گنوار

مُرگ : ہرن ، مجازاً ہر وحشی جانور کے لیے بھی آتا ہے

مرگال : مرگ چھالا ، ہرن کی کھال

مِرگ چھالا : ہرن کی بالوں سمیت کھال جسے جوگی اور سادھو بستر کے طور پر استعمال کرتے ہیں

مُرگ لوچنی : ہرن جیسی آنکھ والی عورت

مرگ نینی : آہو چشم

مُرگیا : ہرن

مُرل :
مُرلی : } بانسری ، الغوزہ

مرم : بھید ، حقیقت ، کیف

مرن : موت ، مردار

مرنا : مر جانا ، مَلنا ، رگڑنا

مَرُو : وہ علاقہ جہاں پانی کی قلت ہو ، ریگستان

مَروا : خوشبودار پودا ، ریحان

مروت : باو ، ہوا

مروتی :
مروتے : } اکڑ کر چلتے ہوئے، ناز و انداز سے چلتے ہوئے

مرونا : جلوس کی شکل میں چلنا ، اکڑ کر چلنا

مریم کا روزہ : صومِ مریم ، خاموشی کا روزہ

مِس : تانبا

مَس : روشنائی

مستعد ہونا : کسی انتظام کا تکمیل پانا

مستک : ماتھا ، پیشانی ، سر

مستمند : غریب، حاجت مند

مستوری : عورت

مستید : مستعد

مسخراگی :
مسخری : } تمسخر ، دل لگی ، مذاق

مسطر : سطر کھینچنے کا آلہ ، سطر کھنچا کاغذ

مسکا : مکھن

مسکاتی : ہنستی ، مسکراتی

مسکانا : مُسکرانا

مُسکتانا :
مسکتانا : } مسکرانا

مسکتنا : مسکرانا

مسکنی : مسکراہٹ

مسکے کوں دانت آنا : یہ تمثیل ہے یعنی مسکے کے بھی دانت نکل آئے ، جیسے مینڈکی کو بھی زکام ہوا

مسلا : } ضرب المثل
مسلہ : } کہاوت

مستند : بہتر ، اعلا

مسیت : مسجد

مشالا : مشعل

مشالاں : (جمع) مشعلیں

مُشتری : خریدار

مُشجّر : کپڑے کی مشہور قسم

مشخ : مُشک

مشک واذفر : مشکِ اذفر

مشکا : } مشک
مشکاں : } مشکیزہ

مشلے : مسائل

مشور : مشہور

مشیشے : دکھنی لباس جو دوشیزائیں خاص خاص موقعوں پر پہنتی ہیں

مصلحت کرنا : مشورہ کرنا

مطالع : جائے ابتدا ، مطلع کی جمع

مطبخی : باورچی

مطلق : قرآن شریف میں آیت کے ختم پر ٹھہراؤ کا گول نشان

مطول : کتاب کا نام

معزا : معجزہ

معلّا : معلّیٰ

مغربی : تلوار کی ایک قسم ، مغرب سے نسبت رکھنے والا یا والی ، ایک سکّہ کا نام

مغم : مغموم

مفتول : لپیٹا ہوا ، لپٹا ہوا

مُقامات : علمِ موسیقی میں بارہ بُرجوں کے موافق بارہ مقام مقرر کئے گئے ہیں ، اِن بارہ مقاموں کو مقامات کہتے ہیں

مُقبل : حق کا فرمان قبول کرنے والا

مُقرّر : بے شبہ ، ضرور بالضرور

مقفا : مقفیٰ

مقوے : گتّہ

مُقیّد : قید کیا گیا ، علائق دار

مک : رُخ ، چہرہ ، مُنھہ ، مُکھہ

مکّا : مکّہ معظمہ

مکارا : مہک

مکان : جگہ

مُکت : مکتی ، نجات

مُکت : موتی ، درمیان

مکتب کرنا : مکتب میں بٹھانا ، مکتب میں بٹھانے کی تقریب کرنا

مُکت چوسرا : موتیوں کی مالا ، گلوبند

مکٹ : } تاج ، کلغی ، چوٹی ، جٹا ، سہرا ،
مکٹہ : } موتی

مکٹہن : تاج

مکر : مکّار

مکر : مگر مچھ

مکرات : مکرنا

مکر چاندنی : پچھلی رات کی دھندلی سی چاندنی جو صبح ہو جانے کا دھوکا دیتی ہے - صبح کاذب ، کنایتہً وہ فعل یا چیز جو دوسروں کو دھوکے میں ڈالے

مکر زن : دلالہ - کٹنی

مکرند : آبِ گل

مکری : مکّار

مُکڑا : مکھڑا

مکمات : مکرمت ، احترام

مکمبر : موٹا کمبل

مُکمکانا : اچھی خوشبو کا آنا ، خوشبو دینا ، مہکنا

مکمُور : مخمور

مکنجا : پلنگ

مُکہ : } مُنہ ، چہرہ
مکھ : }

مکھ پانیں : (مکھ پانی)، آبرو ، عزت

مکھڑا : مُنہہ

مکھ میں اوچا کاڑی لیا : } حیران ہوا ، قسم کھائی

مکھند : لائق

مُکیّ : مُکاّ ، مُکیّاں (جمع)

مُکتا : (مکتا)، موتی ، مروارید

مگٹ : موتی ، تاج

مگر : مگر مچھ

مگ مگانا : مہک آٹھنا

مگن : شاداں ، محو ، مست ، سیر و سیراب ، بے فکر

مُگی : گونگی

مِل : ملا ، بھرا ہوا ، پُر

ملاپ : مِیل

ملاحظہ : مروت ، لحاظ ، پاس

ملاذا : ملاحظہ

ملار : ایک راگ کا نام جو برسات کے موسم میں گایا جاتا ہے ، ملہار

ملازا : ملاحظہ

ملازمت : ملاقات ، نوکری چاکری

ملاق : ملاقاتی

مَلال : رنجیدگی

ملانا : ملنا ، اکٹھا کرنا ، ساتھ لینا

مُلانا : مولانا ، (مُلانے ، جمع)

مِلاوہ : وصل ، ملاقات

ملانہار : ملانے والا

ملانی : تھکاوٹ ، آداس ہونا

مُلکا : کونپل

مِلکت : ملکیت

مُلکی جہاں : مَلکِ جہاں یا ملکہٗ جہاں

مُلک میدان : ایک توپ کا نام

ملکوں : مل کر

مَلہَم : مرہم ، زخم کی دوا

مُلمّا : مُلمّع

مِلان : ملنا ، وصل

ملناڈ : ہندوستان کے مغربی گھاٹ کا علاقہ ، پہاڑی علاقہ

ملنہا : ملنا

ملنہار : ملنے والا

ملوک : ملک

ملویوں : غم زدوں

ملہنہ : (ملہن) ، ملنا

ملّے : پہلوان ، شہ زور

ملیا : ملا

مَن : وہ گوہر جو سانپ کے منہ میں ہوتا ہے، روح ، مانند ، مثل ، دل ، خاطر ، جی ، رغبت ، نفس ، باطن

مِن : (مین) ، مچھلی

منا : منع

